# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 23 ستمبر 2024ء بمطابق 18 ربیع الاول 1446ہجری بعد از دوپہر تین بجکر اٹھاون منٹ پر منعقد ہوا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر، ثریا بی بی مسند صدارت پر متمکن ہوئیں۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

وَاَنْزَلْنَآ اِلَیْکَ الْکِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْہِ مِنَ الْکِتٰبِ وَمُھَیْمِنًا عَلَیْہِ فَاحْکُمْ بَیْنَھُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ وَلَا تَتَّبِعْ اَھْوَآءَھُمْ عَمَّا جَآءَکَ مِنَ الْحَقِّ O لِکُلٍّ جَعَلْنَا مِنْکُمْ شِرْعَۃً وَّمِنْھَاجًا O وَلَوْ شَآءَ اللّٰہُ لَجَعَلَکُمْ اُمَّۃً وَّاحِدَۃً وَّلٰکِنْ لِّیَبْلُوَکُمْ فِیْ مَآ اٰتٰکُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَیْرٰتِ O اِلَی اللّٰہِ مَرْجِعُکُمْ جَمِیْعًا فَیُنَبِّئُکُمْ بِمَا کُنْتُمْ فِیْہِ تَخْتَلِفُوْنَ۔

(ترجمہ): پھر اے محمدؐ! ہم نے تمہاری طرف یہ کتاب بھیجی جو حق لے کر آئی ہے اور الکتاب میں سے جو کچھ اس کے آگے موجود ہے اس کی تصدیق کرنے والی اور اس کی محافظ و نگہبان ہے لہٰذا تم خدا کے نازل کردہ قانون کے مطابق لوگوں کے معاملات کا فیصلہ کرو اور جو حق تمہارے پاس آیا ہے اس سے منہ موڑ کر ان کی خواہشات کی پیروی نہ کرو ہم نے تم میں سے ہر ایک کیلئے ایک شریعت اور ایک راہ عمل مقرر کی اگرچہ تمہارا خدا چاہتا تو تم سب کو ایک امت بھی بنا سکتا تھا لیکن اس نے یہ اس لئے کیا کہ جو کچھ اس نے تم لوگوں کو دیا ہے اس میں تمہاری آزمائش کرے لہٰذا بھلائیوں میں ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش کرو آخر کار تم سب کو خدا کی طرف پلٹ کر جانا ہے، پھر وہ تمہیں اصل حقیقت بتادے گا جس میں تم اختلاف کرتے رہے ہو۔ وآخِرُ الدَعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

## اراکین کی رخصت

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جزاک اللہ۔ آئٹم نمبر 2: ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں: ملک طارق اعوان صاحب، ایم پی اے، آج کیلئے؛ جناب ریاض خان صاحب، ایم پی اے، آج کیلئے؛ جناب فیصل خان ترکئی صاحب، منسٹر آج کیلئے؛ جناب مرتضیٰ خان صاحب، ایم پی اے، آج کیلئے؛ جناب عبیدالرحمان صاحب، ایم پی اے، دو دن کیلئے؛ جناب رجب علی خان عباسی صاحب، ایم پی اے آج کیلئے؛ جناب عاقب اللہ صاحب، منسٹر آج کیلئے؛ جناب اشفاق احمد صاحب، ایم پی اے آج کیلئے؛ جناب اکبر ایوب صاحب، ایم پی اے آج کیلئے؛ محترمہ نیلوفر بابر صاحبہ، ایم پی اے آج کیلئے؛ جناب جلال خان صاحب، ایم پی اے آج کیلئے؛ جناب منیر حسین صاحب، ایم پی اے آج کیلئے؛ جناب لائق محمد خان صاحب، ایم پی اے آج کیلئے؛ جناب محمد نثار صاحب، ایم پی اے آج کیلئے؛ جناب ظاہر خان صاحب، ایم پی اے آج کیلئے؛ جناب ارشد ایوب صاحب، منسٹر آج کیلئے؛ جناب لیاقت علی خان صاحب، ایم پی اے آج کیلئے؛ جناب فتح الملک ناصر صاحب، ایم پی اے آج کیلئے۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Ms. Deputy Speaker: The leave is granted. Janab Abdul Salam Sahib.

جناب محمد عبدالسلام: محترمہ سپیکر صاحبہ، ہمارے ایک معزز رکن اسمبلی نذیر عباسی صاحب کی والدہ صاحبہ فوت ہو چکی ہیں، ان کیلئے فاتحہ خوانی اور دعا کیلئے درخواست کی جاتی ہے۔

جناب امجد علی (معاون خصوصی ہاؤسنگ): شکریہ جناب سپیکر صاحبہ، جس طرح عباسی صاحب کی والدہ وفات پا چکی ہیں، اس طرح سوات میں کل ہمارا ایک نوجوان شہید ہوا تھا پولیس ڈیپارٹمنٹ کا اور اس کے ساتھ ہمارے پاراچنار میں بھی ایک آئی ایس ایف کا بندہ جس کو Target killing کے ذریعے شہید کیا گیا تھا، ان سب کیلئے دعائے مغفرت مانگتے ہیں۔

(اس مرحلہ پر مرحومین کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی گئی)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جناب نذیر عباسی صاحب کی والدہ فوت ہو چکی ہیں، ان کے ایصال ثواب کیلئے دعا کریں گے۔ جناب امجد صاحب۔++++++++++

جناب امجد علی (معاون خصوصی ہاؤسنگ): سب کیلئے اکٹھی کی گئی، ہو گئی۔

## ملک میں موجودہ سیاسی صورتحال پر بحث (جاری)

Madam Deputy Speaker: Thank you. Item No. 4. We will start discussion. Mr. Abdul Ghani Sahib.

جناب عبدالغنی: شکریہ ڈپٹی سپیکر صاحبہ، 14 ستمبر اتوار کی رات آئینی امنڈمنٹ کے ذریعے یہ ملک ایک بہت بڑے سانحہ سے بچ گیا، یہ جو کرنے جارہے تھے، یہ 1971ء کے سانحہ سے کم نہیں تھا، ایک سپریم کورٹ کو توڑ کر دو سپریم کورٹ بنانے کی کوشش کرنے والے وہی ہیں جنہوں نے نظام پر اپنا تسلط برقرار رکھنے کیلئے ایک ملک کو توڑ کر دو ملک

بنائے تھے۔ ډپټی سپیکر صاحبه، په 1901ء کښې په قبائلی سیمه کښې ایف سی آر نافذ شوے وو، په هغه ایف سی آر کښې به پولټیکل ایجنټ چې کوم دے بادشاه وو، په هغې کښې به د وکیل، د دلیل او د اپیل حق به چې کوم دے قبائلو سره نه وو، قبائلی باشنده به د خپل مظلومیت د ثابتولو د پاره به هغه سره دلیل نه وو، د دلیل موقع به ئې نه ورکوله، د وکیل موقع به ئې نه ورکوله او د اپیل موقع به ئې نه ورکوله۔ کله به چې د پولټیکل ایجنټ خلاف چا تقریر اوکړو نو غیر معینه مدت له به چې کوم دے په جیل کښې بند کړو، هغه سره به دا حق نه وو، هغه له به هائی کورټ او سپریم کورټ ته رسائی هم نه وه چې هغه تلے وے او د خپل مظلومیت د ثابتولو دپاره ئې په هائی کورټ او په سپریم کورټ کښې چې کوم دے پټیشن دائر کړے وے۔ دغه سلسله نن د تحریک انصاف سره روانه ده، په تحریک انصاف باندې ایف سی آر لاګو کړے دے، ګناه یو کوی سزا بل له ورکوی، جرم یو کوی نیسی بل، ملک یو تباه کوی نیسی بل، زه دا وایم چې آیا که په تحریک انصاف باندې ایف سی آر لاګو کوے، نو زه د محکمه زراعت ته وایم چې په ټول ملک باندې ایف سی آر لاګو کړئ، واحد چې کوم دے یو اداره پاتې وه عدلیه، په هغې کښې دوئ آئینی ترمیم له پاره ئې ډرافټ راوړو خو چې چا ډرافټ پیش کولو هغه له هم پته نه وه چې ډرافټ کښې څه دی، په ډرافټ کښې څه شے لیکل شوے دے؟ بیا میډیا ترې پوښتنه کوله چې آیا په ډرافټ کښې څه دی؟ نو هغه ورته په جواب کښې اووئیل، فیډرل منسټر لاء، چې ماله ډرافټ ملاؤ شو، اوس به ئې پړهاوم۔ ډیره د شرم خبره ده، چې یو عدلیه پاتې وه په هغې باندې هم دوئ د قبضې کوشش کوی۔ دا ملک دا زمونږ دے، دا ادارې هم زمونږ دی، د دغې ملک د پاره قربانئ هم زمونږ دی خو زه دا وایم چې تر کومه پورې انصاف نه وی، تر کومه پورې د ظالم سرې لاس نه وی نیولی شوی، نو تر هغه پورې دا ملک ترقی نشی کولے، ملک به ترقی هله کوی چې په دې ملک کښې Rule of Law وی، چې په دې ملک کښې جمهوریت وی، دا ملک تا قبضه کړے دے، د چا پرې قبضه ده؟ ډپټی سپیکر صاحبه، زما د خبرې مقصد دا وو چې هغه بله ورځ په 21 ستمبر په لاهور کښې چې کومه جلسه اوشوه، مونږ له ډپټی کمشنر این او سی راکړې وه خو د هغې باوجود په پندره پوائنټونو باندې روډ بلاک وو، کنټینرې ئې لګولې وې، د خیبر پختونخوا چې څومره قافلې وې، سره د لیډر شپ، سره د سی ایم یو هم جلسې له نه دے رسیدلے۔ ماله نن هغه حقوق حاصل نه دی چې کوم حقوق په جمهوری ملک کښې عوام له حاصل وی، نو ډیر د افسوس مقام دے۔ او دا خبره ثابته شوه چې د پاکستان عوام دا د عمران خان سره ولاړ دی، که هغه د ګلګت بلتستان دی، که هغه د کشمیر دی، که هغه د کراچئی دی او که هغه د پنجاب دی، الحمد للّٰہ د پاکستان عوامو دا ثابته کړه چې مونږ به د خپل قائدسره په هر صورت باندې ولاړ یو او په هره سخته کښې

به ورسره ولاړ یو۔ (تالیاں) کله چې جلسې له مونږ نزدې شو، د خیبر پختونخوا د وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور په قیادت کښې چې څومره قافلې تلې وې، هغه یوه هم اونه رسیدله او ځائې په ځائې رکاوټ وو۔ د دغه قافلې قیادت د خیبر پختونخوا وزیر اعلیٰ کولو، هغه به پخپله د ګاډی نه راکوزیدو، روډ به ئې هم کهلا ولو، چې په یو ځائې کښې به ئې روډ کهلاؤ کړو، په بل ځائې کښې به بند وو، چې په بل ځائې کښې به کهلاؤ کړو نو په بل ځائې کښې به بند وو۔ دا جبر، دا ظلم، دا بربریت چې تر کومه پورې جاری وی په دې ملک کښې، پاکستان ترقی نه شی کولے، پاکستان به ترقی هله کوی چې کله په دې ملک کښې د انصاف بول بالا وی، په دې ملک کښې Rule of Law وی، په دې ملک کښې امن وی نو هله به دا ملک ترقی کوی۔ ډیره مهربانی، ډیره مننه۔

(تالیاں)

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر:</u> جناب امجد خان صاحب، منسٹر ہاؤسنگ۔

<u>جناب امجد علی (معاون خصوصی ہاؤسنگ):</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ شکریہ میڈم سپیکر صاحبہ۔ میڈم سپیکر صاحبہ، میں بات کروں گا، کل جو افسوسناک اور ناخوشگوار واقعہ مالم جبہ روڈ پہ پیش آیا تھا جس میں ہمارے پانچ پولیس کے نوجوان زخمی ہوئے تھے اور ایک نوجوان جو میرے گاؤں سے اس کا تعلق تھا، اس حملے میں اس کو شہید کیا گیا تھا۔ دعائے مغفرت تو ہم نے سب کیلئے پڑھ لی لیکن میڈم سپیکر صاحبہ، میں جو بات کروں گا، اس میں بہت سی ایسی باتیں ہیں جو سوات کے چوبیس لاکھ عوام اس کے جوابات کے منتظر ہیں۔ سب سے پہلے بارہ ممالک کے سفارتکار سوات آتے ہیں، سوات کے جتنے بھی لوکل میڈیا والے ہیں، کسی کو کانوں کان خبر نہیں ہوتی، میرے خیال میں انتظامیہ میں ڈپٹی کمشنر کے علاوہ کسی کو خبر نہیں تھی، پولیس کے ڈی پی او صاحب کو اس کی خبر تھی، ان کے علاوہ کسی کو بھی خبر نہیں تھی کہ سوات مالم جبہ میں بارہ ممالک کے سفارتکار آئے ہیں وہاں پہ وزٹ کرنے کیلئے، میڈم سپیکر صاحبہ، جہان آباد ایک جگہ ہے جہاں پہ IED (Improvised Explosive Device) پھٹتی ہے اور پولیس وین اس کا Target بنتا ہے، تو اس میں ہمارے یہ نوجوان جو میں پہلے بھی کئی دفعہ کہہ چکا ہوں کہ پولیس میں جتنے بھی Low rank کے لوگ ہیں، وہ لوگ قتل ہو رہے ہیں، شہادتیں ان کی ہو رہی ہیں لیکن میڈم سپیکر صاحبہ، میں توجہ چاہتا ہوں اور یہ بہت اہم بات ہے لیکن جب یہ Blast ہوتا ہے تو جو لوکل میڈیا ہے اور پاکستان کا جو میڈیا ہے، وہ صرف یہ کہتا ہے کہ پولیس وین پہ حملہ ہوا ہے اور اس میں اتنے لوگ زخمی ہو چکے ہیں لیکن اس دوران پاکستان میں کسی میڈیا پہ یہ خبر Break نہیں ہوتی اور نہ سوات میں کسی کو پتہ ہوتا ہے، یہ ایک امریکہ کی نیوز ایجنسی پہ Breaking news چلتی ہے کہ سوات میں بارہ ممالک کے سفارتکار گئے تھے اور ان پہ حملہ ہوا ہے، ان کے قافلے پہ۔ میڈم سپیکر صاحبہ، یہ ہمارے لئے بہت Embarrassment کی بات ہے کہ سوات میں حملہ ہوتا ہے اور بارہ ممالک کے سفارتکاروں کے قافلے پہ ہوتا ہے اور اس کی جو نیوز ہے، وہ امریکہ کی ایک نیوز ایجنسی ہے، اس کو وہ

Break کرتی ہے یعنی پاکستانی میڈیا اس کو چھپاتا ہے۔ میڈم سپیکر صاحبہ، یہ ایک معمولی واقعہ نہیں ہے کیونکہ جتنے بھی سفارتکار یہاں پہ آتے ہیں، یہ ہمارے مہمان ہوتے ہیں لیکن اتنی بڑی خبر کا کسی کو پتہ نہیں چلتا، پھر اس کے بعد پاکستانی میڈیا جو آج کل آپ کو پتہ ہے خاموش تماشائی بنا بیٹھا ہے، وہ پھر Breaking news پہ چلاتا ہے کہ اتنا بڑا سانحہ ہوا، شکر ہے کہ اس میں سفارتکاروں کو کوئی جانی ومالی نقصان نہیں اٹھانا پڑا لیکن یہ جو ہمارا ایک کانسٹیبل شہید ہوتا ہے، اس کے پانچ چھوٹے چھوٹے بچے ہیں اور وہ بیچارا مطلب ہے کہ آج آپ نے اس کا جنازہ پڑھایا اور یہ میرے ساتھ تین سال گن مین بھی رہ چکا تھا، تو اس کا کون پوچھے گا، میڈم سپیکر صاحبہ، اس کا کون پوچھے گا؟ یہ جو ہم بار بار کہتے ہیں اور یہ اسمبلی میں جو سیشن ہو رہا ہے کہ اداروں کی مداخلت نہیں ہونی چاہیئے، یہ جو Continuous session چل رہا ہے، یہ اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ ہم بار بار کہتے ہیں کہ صوبائی حکومت کو پتہ نہیں ہے، سفارتکار چپکے سے یہ لے کر جاتے ہیں اور جب اتنا بڑا سانحہ ہوتا ہے تو پھر باہر کی دنیا سے انٹرنیشنل میڈیا پہ وہ Break ہوتا ہے، تو یہ Embarrassment کس کیلئے ہے؟ یہ اسٹیبلشمنٹ کیلئے ہے، یہ وفاقی حکومت کیلئے ہے، یہ شرم کا مقام ہے ان کیلئے کہ یہ لوگوں کو لے کر آتے ہیں، پتہ نہیں ان کے پاس این او سی تھا یا نہیں تھا، Security clearance تھی یا نہیں تھی؟ کیونکہ صوبائی حکومت سے این او سی لینا چاہیئے تھا، پھر ان کو سیکیورٹی فراہم کرنا صوبائی حکومت کا کام تھا لیکن میڈم سپیکر صاحبہ، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں اپنی سیکیورٹی فورسز سے اور خفیہ ایجنسیوں سے کہ جب سوات کے چوبیس لاکھ عوام کو ان سفارتکاروں کی آمد کا پتہ نہیں ہوتا، اطلاع نہیں ہوتی، سوات کے جتنے بھی ادارے ہیں، ان کو پتہ نہیں ہے، صرف پاکستان کی خفیہ ایجنسیوں کو اس کا پتہ ہے اور پولیس ڈیپارٹمنٹ کے صرف ڈی پی او کو پتہ ہے، تو مجھے یہ کوئی بتا سکتا ہے یا جو سوات کے لوگ آج یہ سوال پوچھ رہے ہیں کہ جن لوگوں نے بم رکھوایا تھا اور جنہوں نے بم Blast کیا، ان کو کیسے پتہ چلا؟ یہ ایک Question mark ہے اسٹیبلشمنٹ پہ بھی اور وفاقی حکومت پہ بھی کہ کس طرح ان کو پتہ چلا کہ وہ اس ٹائم پہ آئیں گے؟ اور جس ٹائم پہ وہ آئے تو میرے خیال میں جو پولیس وین تھا اور جو سفارتکاروں کی گاڑیاں تھیں، ان میں پچیس سے تیس فٹ کا فاصلہ تھا، تو اتنی Exact معلومات ان کے پاس کیسے آئیں؟ تو یہ ایک Question mark ہے۔ دوسرا میڈم سپیکر صاحبہ، جس طرح ہمارا ایک سوات کا سپوت جو سابقہ وفاقی منسٹر رہ چکا ہے، مراد سعید صاحب اس کا نام ہے، بار بار وہ کہہ رہے تھے کہ سوات کے امن کو خطرہ ہے اور اشارہ اسٹیبلشمنٹ کی طرف تھا اور وہ کہہ رہے تھے کہ سوات کی ٹورازم، سوات کے جنگلات کو تباہ کرنے کیلئے اور سوات میں جو Mineral ہے، اس کی تباہ کرنے کیلئے اور اس کو ہڑپ کرنے کیلئے یہ ایک ڈرامہ رچایا گیا ہے۔ میڈم سپیکر صاحبہ، وہ مراد سعید سب کو پتہ ہے کہ آج روپوش ہے، کس وجہ سے؟ کہ اس کو ڈائریکٹ اسٹیبلشمنٹ سے دھمکیاں ملتی ہیں، سب کو پتہ ہے، یہ نہیں بولتے میں بولوں گا، ان کے والد کو دھمکیاں ملتی ہیں، ان کے خاندان والوں کو دھمکیاں ملتی ہیں، ان کے بھائی کو دھمکیاں ملتی ہیں اور میں آج علی الاعلان کہتا ہوں اور جس طرح میں نے پہلی سپیچ میں کہا تھا کہ حلفاً کہتا ہوں مراد سعید کے بھائی اور والد کو یہ اسٹیبلشمنٹ کئی دفعہ لے کر گئی ہے اور یہ مراد سعید کا جو بھائی ہے کلیم سعید، جو سیاست نہیں کرتا، سیاسی بندہ نہیں ہے، اگر اس کے جسم کو آپ دیکھ لیں تو اس کے

جسم پر گرم لوہے کی سلاخوں کی چھاپ ابھی بھی پڑی ہے کہ آپ کا بھائی کہاں ہے؟ تو یہ کتنی شرم کی بات ہے کہ ایک نوجوان جو نوجوانوں کا Role model ہے، پورے پاکستان میں ہے، سب کو پتہ ہے، یہ جتنی بھی اپوزیشن ہے، جتنے بھی یہ ہماری ٹریژری بنچ کے لوگ ہیں کہ اس نے ایک سچ بات کی تھی کہ سوات کے امن کو کسی سے خطرہ نہیں ہے، صرف ان سے خطرہ ہے اور آج اس کی بات حرف بہ حرف سچ ثابت ہو رہی ہے اور وہ بیچارہ روپوشی پہ اس لئے مجبور ہے کہ اس کو دھمکیاں دی جارہی ہیں کہ اگر یہ کہاں بھی نظر آئے تو اس کو مار ڈالو، کیوں مار ڈالو؟ کیا اس ملک میں عدالتی نظام نہیں ہے کہ وہ عدالت میں پیش ہو کر اپنی بے گناہی کو ثابت کرے؟ لیکن اسٹیبلشمنٹ نے حکم دیا ہے کہ اس کو جہاں بھی دیکھا جائے، اس کو مار ڈالو، تو مجھے بتاؤ کونسے مہذب معاشرے میں، کونسے ملک میں اس طرح ہوتا ہے کہ آپ بغیر عدالت میں جاکر کسی کو اپنی بے گناہی ثابت کرنے کے بغیر آپ اس کی Target killing کریں، کہاں پہ لکھا ہوا ہے؟ کہاں پہ کسی مہذب معاشرے میں اس طرح ہو رہا ہے؟ میڈم سپیکر صاحبہ، سوات کے امن کو خطرہ ہے اور وہ اس لئے ہے کہ سوات کی ٹورازم کو تباہ کرنا ہے اور وہ اس لئے ہے کہ سوات کے جنگلات کو پنجاب لے کر جانا ہے اور اس لئے کہ سوات کے جو Minerals ہیں اس پہ ان لوگوں کی نظر ہے، تو اس لئے وہ سوات کے امن کو تباہ کر رہا ہے، باقاعدہ پلاننگ کے طور پہ اور یہ جو ڈرامہ کل ہوا ہے، یہ جتنے بھی ٹورسٹس ہیں جو Foreign سے آتے ہیں، جو لوکل ملک کے ٹورسٹس ہیں، ان کو ایک پیغام دینا تھا کہ آئندہ آپ نے سوات نہیں جانا، آپ نے سوات ٹورازم کیلئے نہیں جانا، آپ نے سوات کو نہیں دیکھنا۔ میڈم سپیکر صاحبہ، مجھے بتائیں کہ اگر سوات میں ٹورازم Promote نہیں ہوتا اور ختم ہو جاتا ہے، رک جاتا ہے، تو سوات کے لوگوں کا معاشی طور پہ Ninety percent گزارہ اس ٹورازم پہ ہے، تو وہ بیچارے کیا کریں گے؟ میڈم سپیکر صاحبہ، یہ ایک بہت بڑا سانحہ ہے اور اس پہ ہمیں سوچنا چاہیئے کہ اگر وہاں پہ اس طرح Bomb blasts ہوتے ہیں اور میں نے پہلے بھی اس کی دلیل کے ساتھ ایک بات کی ہے کہ صرف پولیس ڈیپارٹمنٹ میں ڈی پی او کو پتہ تھا، آپ جاکر وہاں کے جو جرنلسٹس ہیں، ان سے پوچھیں کہ آپ کو پتہ تھا کہ سوات میں بارہ ممالک کے سفارتکار آرہے ہیں یا آئے ہیں اور خفیہ ایجنسیوں کو پتہ تھا، تو میں پھر یہ سوال پوچھوں گا کہ جن لوگوں نے بم رکھوایا تھا، ان لوگوں کو کیسے پتہ چلا؟ جب اتنی خفیہ معلومات تھیں۔ میڈم سپیکر صاحبہ، یہ کھلواڑ ہو رہا ہے۔ عبدالغنی صاحب نے جلسے کی بات کی، وہ تو سب کو پتہ ہے کہ کس طرح رکاوٹیں تھیں یا نہیں تھیں؟ اس پہ ہمارے بھائی بات کریں گے۔ پرسوں ہماری ایک ایم پی اے ثوبیہ شاہد صاحبہ نے کچھ باتیں کی تھیں، میڈم سپیکر صاحبہ، اس نے خان صاحب کے نکاح کے بارے میں بات کی تھی، اس نے کچھ آ وزاروں کے بارے میں بات کی تھی، اس نے اٹک پل پار نہ کرنے کی بات کی تھی، تو بہت افسوس سے کہنا پڑتا ہے اور اس نے Admit کیا تھا اسمبلی کے Floor پہ، جب وہ سپیچ کر رہی تھی تو میں نے ان کو کہا کہ یہ باتیں آپ کس کے کہنے پہ کر رہی ہو؟ تو انہوں نے باقاعدہ نام لیا کہ میں اسٹیبلشمنٹ کے کہنے پہ یہ بات کر رہی ہوں، اس طرح تھا یا نہیں تھا؟ (محترمہ ثوبیہ شاہد، رکن اسمبلی سے) اور یہ ریکارڈ پہ موجود ہے، ویڈیو آپ کے پاس محفوظ ہے، نکالیں، تو یہ خود مان رہی ہیں کہ جو یہ سیشن ہو رہا ہے کہ اداروں کی مداخلت ہے، سیاست میں بھی ہے اور ہر ادارے میں ہے، تو خود

انہوں نےAdmit کیا۔ دوسری بات جو انہوں نے کہی، حالانکہ مجھے ایک مرد ہوتے ہوئے نہیں کرنی چاہیئے لیکن انہوں نے خان صاحب کے نکاح کے بارے میں بات کی تھی، تو میں میڈم سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + * +، میں ڈیٹیل میں نہیں جاؤں گا، سب کو پتہ ہے لیکن آپ خان صاحب کے ظرف کو دیکھ لیں اور یہ ایک خاتون نہیں ہے جو انہوں نے استعمال کی تھی، اس سے پہلے ریحام کو بھی استعمال کیا تھا اور عائشہ گلالئی کو بھی استعمال کیا تھا لیکن خان صاحب نے اس وقت کی اسٹیبلشمنٹ کو کہا تھا کہ میں عورتوں پہ بے جا الزامات نہیں لگانا چاہتا اور نہ لگاؤں گا، تو انہوں نے وہ فائل اس طرح واپس کی (تالیاں) کیونکہ خان صاحب نے اس وقت کہا تھا کہ نہ مجھے میرا دین اجازت دیتا ہے، نہ مجھے میری غیرت اجازت دیتی ہے اور نہ میری تربیت مجھے اجازت دیتی ہے کہ میں خواتین کو، دوسری پرائی عورتوں کو میں اس میں Target کروں، تو وہ خان صاحب کا ظرف تھا۔ اس کے علاوہ یہ کہہ رہی ہیں کہ عورتیں کہتی ہیں کہ مریم نواز کے خلاف علی امین صاحب نے یہ کہا تھا، تو اس نے کیا کہا تھا؟ مجھے یہ ذرا بتائیں لیکن میں پوچھنا چاہتا ہوں، یہ ہمارے پیپلز پارٹی کے لوگ بیٹھے ہیں، ہمیشہ ان کا وطیرہ رہا ہے خواتین کو سیاست میں گھسیٹنا، خواتین کے ذریعے خواتین کارڈ کو Play کروانا، میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ نصرت بھٹو اور بے نظیر بھٹو کے فوٹو میں وہ لفظ میرے منہ پہ نہیں آئے گا جس طرح فوٹو بنایا گیا تھا، وہ کس نے گرائے تھے اور پھر خواجہ آصف نے مانا تھا کہ یہ ہم نے اسٹیبلشمنٹ کے کہنے پہ گرائی تھی۔ میڈم سپیکر صاحبہ، اس کے علاوہ بے نظیر بھٹو کو جب وہ ایک عورت تھی، ہماری لئے قابل احترام ہیں، تو وہ جب پارلیمنٹ میں آئیں اور + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + * +سب جانتے ہیں اس کی Abbreviation کو، میڈم سپیکر صاحب، اس کے علاوہ اس طرح کے الفاظ استعمال نہیں کرنے چاہئیں۔ میڈم صاحبہ نے پرسوں کہا کہ جب علی امین صاحب اور ان کا قافلہ یہاں سے جائے گا تو اٹک پل پر رانا ثنا اللہ صاحب بیٹھے ہیں اپنے آوزاروں کے ساتھ، خواجہ آصف صاحب بیٹھے ہیں اپنے آوزاروں کے ساتھ، تو پرسوں تو ہم چلے گئے، میرے خیال میں میڈم صاحبہ کو چاہیئے تھا کہ ان کے + + + + + + + + + + + + + + * (تالیاں) نہ تو ہم نے رانا ثناء اللہ صاحب کو وہاں پہ دیکھا، نہ تو ہم نے وہاں عطاء تارڑ کو دیکھا * + + + + + + + + +، الحمد للہ ہم وہاں پہ چلے گئے، ہم پہنچ گئے لاہور میں بھی پہنچ گئے لیکن اگر ان میں تھوڑی سی بھی شرم حیا اور ہمت ہوتی تو یہ وہاں پہ کنٹینر لگا کر، جگہ جگہ پہ کنٹینر لگا کر ہمیں روکتے نہیں، لیکن پھر بھی وہاں پہ جلسہ بھی ہوا، علی امین صاحب وہاں پہ ساری رات لاہور کے شہروں میں بھی گھوما اور سارے پی ٹی آئی کے لوگ وہاں پہ گھومے اور اس طرح مکا بھی لہرایا کہ میں آگیا ہوں، تو میرے خیال میں بولنے سے پہلے سب کو سوچنا چاہیئے کہ میں یہ الفاظ کہتا ہوں، کل اس کا جواب کیا آئے گا۔ تو میڈم ڈپٹی سپیکر صاحبہ، میں

* بحکم جناب سپیکر حذف کیئے گئے۔

بہت شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اچھا، ارباب محمد عثمان صاحب۔

ارباب محمد عثمان خان: شکریہ میڈم ڈپٹی سپیکر، بہت خوشی ہو رہی ہے یہاں پہ کہ ہمارے معزز اراکین ٹریژری بنچز کی طرف سے ہم دو ہفتوں سے، کم از کم دس دنوں سے دیکھ رہے ہیں کہ جو آئین کا تقاضا ہے اور خاص کر جو ہماری بطور قوم ضرورت ہے تو ہم اس پارلیمان میں اس بات کو لا رہے ہیں جو حقیقی معنوں میں 73ء کے آئین اور جو ہماری ایک Basic responsibility بنتی ہے لیکن اس کے ساتھ ہی یہ بات ابھی کیوں کی جا رہی ہے کہ جب ہم اور عوامی نیشنل پارٹی، آج سے زیادہ دور نہیں جاتا ہوں تیس سال دیکھ لیں، بیس سال دیکھ لیں، ہم سب ایک ہی لوگ ہیں، ایک ہی علاقے سے اور ایک ہی صوبے سے ہمارا تعلق ہے لیکن آج اگر ہم اداروں کی بات کر رہے ہیں تو افسوس کے ساتھ اس میں ہمارا ابھی دار و مدار ہے اور جب بات ہم پہ بنتی ہے تو ہم یہ بات اٹھاتے ہیں، آپ ابھی کی بات کر رہے ہیں، اس دن آپ نے ریزولیوشن ٹیبل کی ہے، ریزولیوشن میں کیا لکھا گیا تھا؟ ایک تو انتہائی مشکور ہوں سپیکر صاحب کا کہ انہوں نے مانا ہے کہ یہ چاہیئے تھا کہ ہمارے پاس جو Rules of Business ہے، ڈسکس کیا جاتا، ہمیں پیش کیا جاتا، خیر میں شکر گزار ہوں اپنے ٹریژری بنچز کے ممبران کا بھی، کہ انہوں نے یہ مانا ہے کہ اس کا Process مختلف ہونا چاہیئے تھا لیکن آپ نے ریزولیوشن دیکھیں، تو اس میں آپ نے پچھلے دو سالوں سے صرف مذمت کی کہ یہ مظالم ہم پہ ہو رہے ہیں، اس کی آپ نے کی ہے، پچھلے دس سال کہاں گئے، بیس سال کہاں گئے؟ ڈاکٹر صاحب سوات کی بات کرتے ہیں، سوات تو آپ کو پتہ نہیں ہے کہ بیس سال پہلے کیا ہو رہا تھا؟ آپ اس انٹرنیشنل میڈیا کی بات کریں کہ اس ٹائم لوگ کہہ رہے تھے کہ لوگ پہنچ گئے اسلام آباد اور ہمارے ایٹمی ہتھیاروں کو خطرہ تھا، اس کے ساتھ اگر آپ حقیقت مانتے ہیں یا جاننا چاہتے ہیں تو میرے اوپر خود میرے گھر کے سامنے تین دھماکے ہوئے، کب ہوئے؟ 2013 میں ہوئے، آپ ابھی اس کی بات کریں تو 2011 میں شجاع پاشا نے جو Support میں دی تھی، وہ آپ نے کیوں لی ہے؟ میں تو اس پہ انتہائی شکر گزار ہوں ٹریژری بنچز کا، کہ ہم مل کر اس پہ کام کرنا چاہتے ہیں، ہم آپ کے ساتھ ہیں پھر ہمیں دیوار کے ساتھ لگا دیا ہے۔ ہمارے یہاں پہ شہداء کی ایک پوری لائن لگ گئی ہے، آپ نے کہا ہے، ٹھیک ہے ہمیں حکومت مل گئی، اس کا Fall out ابھی تک ہم برداشت کر رہے ہیں۔ ضیاء الحق نے جو، میں ایک آپ کو چھوٹی مثال دیتا ہوں، ہم پارلیمنٹیرین کا کام ہے Legislation, policy making، آپ کو اتنے بڑے منڈیٹس ملے ہوئے ہیں کہ تاریخ میں تسلسل میں تیسری دفعہ آپ کو وہ بھی دو تہائی نہیں، تین چوتھائی نہیں، Ninety percent گورنمنٹ آپ کو مل رہی ہے لیکن افسوس کے ساتھ اس کا اعتراف مت کریں لیکن جو بھی ایک ذمہ دار ایم پی اے ہوگا، وہ یہ مانے گا کہ آپ کی آٹھ مہینوں کی کارکردگی کہاں ہے؟ سامنے رکھیں Let`s call a spade a spade اتنا اثر و رسوخ ہونا چاہیئے ہم میں کہ اگر میری پارٹی میں کوتاہی ہے تو آپ دیکھ لیں کہ میں نے سب سے پہلے پارٹی والوں کو کہا ہے کہ یہ آپ کی کمزوری ہے، آپ بھی ان چیزوں کی نشاندہی کریں، میں ابھی پختونخوا میں بیٹھا ہوں، سوات کی بات ہو رہی ہے، Merged districts کی بات ہو رہی ہے، میں نے پہلے مہینے

میں یہ بات کی تھی کہ جو وسائل ہمارے پاس ہیں، ہم وہ لوگ ہیں کہ ہم یہ کہتے ہیں کہ ہم پاکستان کو بطور پختونخوا مضبوط بنانا چاہتے ہیں، آپ اس میں کام کیوں نہیں کرتے؟ ایک چھوٹی مثال KP OGDCL کی ہے کہ آپ CEOs کو 20 اور 25 لاکھ روپے تنخواہ دے رہے ہیں، کچھ بھی Performance نہیں ہے، آپ پنجاب دیکھ لیں، میں نے تو عثمان بزدار کو نہیں لگایا تھا، اس کا اثر آپ کے اوپر پڑا ہے، ابھی آپ دیکھ لیں کہ یہاں پہ آپ کی Ninety percent گورنمنٹ ہے، وہاں پہ ان کی Simple majority ہے، آپ اگر Public representatives ہیں تو اس کا موازنہ آپ خود کر سکیں گے۔ آپ عمران خان کی رہائی کی بات کر رہے ہیں، اگر میری Tweet آپ دیکھتے ہیں، چھ مہینے پہلے دیکھ لیں، سال پہلے دیکھ لیں، حقیقت میں جب عمران خان کو گرفتار کیا گیا تو میں نے Live video کی تھی کہ یہ آپ نے بہت غلط کام کیا ہے اور اس سے پوری قوم کو نقصان پہنچے گا، ہم تو آپ کے ساتھ پارٹی میں بھی نہیں ہیں لیکن کم از کم خدارا جو بات صحیح ہوتی ہے، اسی وقت اتنا اثر ورسوخ اور وزن ہونا چاہیئے کہ اس کو آپ صحیح کہیں یا غلط ہو تو غلط اسے کہیں۔ عجیب بات ہے، میں ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ دیکھتا ہوں، مجھے چاہیئے کہ آپ بتا سکیں کہ ہم جانتے ہیں فیڈرل پر یہ چیزیں کہ ہماری Electricity ہمیں نہیں مل رہی ہے، گیس نہیں مل رہی ہے، آپ کے پاس Eighteenth amendment میں Devolution سے جو اختیارات آئے ہیں، آیا آپ اس کے جوابدہ ہیں؟ آپ مجھے یہ بتا سکتے ہیں کہ ہماری گندم کی کتنی پیداوار رہی ہے؟ جو آٹا ابھی پڑا تھا وہ کیوں خراب ہو گیا یا جو ہماری ضرورتیں آیا آنے والے سال میں وہ پوری ہوں گی کہ نہیں ہوں گی؟ اور میں وثوق سے آپ کو یہ بات کہتا ہوں کہ اگر آپ اس پہ پلاننگ کریں، طریقے سے کریں، ٹائم پہ کریں تو آپ کو آٹے کا مسئلہ نہیں آئے گا اور غریبوں کو سستا آٹا بھی ملے گا۔ تو ایک ایجنڈا بنائیں، ہم خود ان کو راستے دے رہے ہیں۔ 2018 میں باتیں ہوتی ہیں، آوازیں اٹھ جاتی ہیں کہ فارم پینتالیس، سینتالیس، آیا 2018 سے پہلے کسی کو پتہ تھا کہ فارم پینتالیس، سینتالیس کس کو کہتے ہیں؟ آیا جو آپ بات کرتے ہیں، 2019 میں عمران خان نے خود یہ کہا تھا کہ ہم جو ہماری Devolution of power، بہت مثبت آپ نے اس پر بات کی تھی کہ ہم یہ سارے اختیارات جو ہیں وہ لوکل باڈیز کے نمائندوں کو دیں گے، ابھی تک آپ نے وہ ٹرانسفر کیوں نہیں کئے؟ اس سے نقصان آیا ہم سب کو نہیں ہو رہا ہے؟ Ninety percent تو آپ کی Audience ہے پختونخوا میں، آپ کی بنیاد یہاں پر ہے، آپ کے زور پنجاب پر ہوتا ہے، نو زه صرف اپنی زبان میں اتنا کہنا چاہوں گا چې راځئ کله پورې به مونږ سره دا لوبې کيږي؟ ولې خلق مونږ پورې خاندي؟ دنيا خو پرېږدئ، ډاکټر صاحب ډېره زبردسته خبره اوکړه چې دلته Transparency ولې نشته؟ هغه په دې نشته چې مونږ پخپله کمزوري يو، مونږه پخپلو کښې يو بل سره پريوتي يو۔ قربانيانو خبره کوئ، د دهماکو خبره، تاسو اوس د ادارو خبره کوئ، تاسو لا رشئ اوس هم بيلټ پيپرز زمونږه په عدالت کښې پراته دي که د فارم پينتاليس او سينتاليس خبره کوئ نو راځئ شروعات چې کوم شی باندې تاسو ته فيډرل ګورنمنټ ملاؤ شوے وو خو هغه شے به پرېږدو که

تاسو حقیقی معنو کښې د عوامو نمائندګی کول غواړئ او که نه هسې لوبې کوؤ، خبرې کوؤ نو دا خو هغه پارلیمان دے چې اته میاشتو کښې، اپریل کښې دوه میاشتو پس د الیکشن تاسو بجټ پاس کړے وو، تر اوسه پورې څوک ممبر یا وزیر صاحب دا راته وئیلے شی چې هغې کښې څومره چې ستاسو کوم ایم پی اے ګان دی، ورته خپل فنډ ملاؤ شو یا کومو محکمو کښې تاسو ته خپل پیش رفت اوشو؟ نو بیابه تاسو کال پس په دیکښې ناست یئی او بیا به وایئی چې یره بجټ Lapse شو یا مونږه ګوتې به نیسو خپل فیډرل ګورنمنټ ته، نو هغوی مونږ ګوری لګیا دی، تاریخ میں پہلی دفعہ ایسا ہوا ہے کہ یہ پاکستان ہے، آئیں پریکٹیکل باتیں کریں، افسوس کے ساتھ میں ہمیشہ Merged districts کی بات کرتا ہوں کہ وہ ہمارے لئے بلکہ پاکستان کیلئے ایک بہت بڑا اثاثہ ہیں لیکن سوات میں ہمارے پاس جو وسائل ہیں اور Specially organic produce and tourism اور جیسے ڈاکٹر صاحب نے بہت زبردست بات کی ہے، یہ بہت بڑا المیہ ہے کہ آپ یہاں پہ بیٹھے ہیں، یہاں سے ذرا باہر نکلیں، حقیقت کو سامنے دیکھیں کہ آپ کی عزت کیا رہتی ہے، آپ کو مسلمان ملک صحیح نہیں سمجھ رہے۔ چھوٹی سی مثال، محمد بن سلمان آتا ہے ہمیں یہاں Deferred payment، اس لئے کہ ہم اپنی آپ کی Respect نہیں کرتے، ہمیں یہاں پہ Loan دیتے ہیں، انڈیا میں سرمایہ کاری کرتے ہیں اور ہم وہ لوگ ہیں جو سب سے زیادہ Rest اور تفریح کرنے والے لوگ ہم ہیں، ہم باتیں یہاں پہ کر رہے ہیں، اکیسویں صدی میں بیٹھے ہیں، بنگلہ دیش کو دیکھیں ہم سے علیٰحدہ ہوئے ہیں، کالے پاکستانی کہتے تھے، تین سو فی صد Literacy وہ ہم سے بہتر ہیں، ٹکا جو ہے، جو ہم ٹکے کے لوگ کہتے تھے تو ہم تو تیار ہیں، عوامی نیشنل پارٹی نے صوبے کیلئے آواز اٹھائی ہے، اب بھی بہت خوش آئند بات ہے کہ آپ یہ جان کر کہ یہ چیز ابھی کہہ رہے ہیں اور خدا را یہ نہ ہو کہ اپنے مفاد کیلئے پھر الٹا ہو جائیں اور اس میں سب سے زیادہ جب یہ سسٹم لگے گا، اپنی جگہ پر ایک Path پہ Continuation ہو گی، یہاں تو ابھی تک جمہوریت ہی صحیح معنوں میں نہیں آئی ہے، الیکشن ہو جاتے ہیں موازنہ کرتے ہیں انڈیا کے ساتھ (EVM (Electronic Voting Machine نہیں ہے، جس کی جو مرضی ہو، جس کو دے دیں، اگر ہمارے حق میں آ گیا تو خوش ہیں، ہمارے خلاف چلے گئے تو چیخیں ماریں، ابھی تک تو ہمیں وہ بھی نہیں ملا ہے، تو عوامی نیشنل پارٹی، میری طرف سے اور اپوزیشن کی طرف سے بلکہ کسی بھی سطح پر مثبت کام کرنے کیلئے کریڈٹ بھی آپ کو ملے گا، حکومت بھی آپ کی ہے۔ بجلی کا مسئلہ دیکھیں، میں آپ کو گارنٹی کے ساتھ کہتا ہوں، اگر آپ بیٹھنے کیلئے تیار ہیں تو ایک سال کے اندر اندر آپ کے پاس Provision ہے، On the Floor of the House میں آپ کو کہہ رہا ہوں کہ نہ لوڈ شیڈنگ ہو گی اور بجلی بھی آپ کو سستی ملے گی۔ آئیں آپ ہمارے ساتھ بیٹھیں، گیس کے ذخائر ہمارے پاس Southern districts میں سب سے زیادہ ہیں، پچاس کروڑ بیرل تیل آپ کے پاس Southern districts میں دریافت ہو چکا ہے، اس پر OGDCL اور KPGDCL ابھی تک حاوی ہیں، یہ چیزیں ہمیں چاہئیں، آپ Local bodies کو اپنے اختیارات دیں، ہمیں

چھوڑیں کہ ہم اپنی Policy making اور لیجسلیشن کر سکیں جو آپ کا Proletariat ہے، آپ کا جو ووٹ بینک ہے Constituencies میں، ان کی یہ ضرورت ہے، پلان بنائیں، آج کل جو ERP (Enterprise Resource Planning) system ہے، اس کے مطابق آپ کو پتہ چلے گا کہ اس ایک سال کا پلان ہے، مہینے میں آپ پیچھے ہیں یا آگے ہیں، اس کے ساتھ جو چیلنجز کرنا پڑتی ہیں، کریں لیکن آپ اپنے آپ کو دھوکہ دینا بند کریں گے اور چاہیئے کہ پختونخوا میں Safe city کہاں ہے؟ اسلام آباد ہے کنه ډاکټر صاحب؟ لاہور ہے، دھماکے یہاں ہوتے ہیں اور فخر سے کہتے ہیں کہ سب سے زیادہ قربانیاں پاکستان کیلئے پښتون او د پښتون بچي ورکړي دي او بیا د تولونه زیات زور هم مونږ نه اوباسي، ابھی تک As a government آپ نے کیوں نہیں یہ ڈیمانڈ کیا کہ یہاں پہ پشاور سوات یہ Safe cities ہوں اور سب سے زیادہ فائدہ اس میں اداروں کو ہوگا، سب سے زیادہ جوان کی Attraction ہے، Inclination ہے، ان کو ہوگی، ہم ان کے ساتھ بھی مل کر بھی چلنے کیلئے تیار ہیں لیکن آئین کے مطابق جس کا جو کردار ہے وہ اس میں رہے گا، آئین سے آپ نکلتے رہے ہیں تو ابھی 2024 میں ہم بیٹھے ہیں اور وہی ہماری صورتحال ہے کہ ابھی سعودی عرب ہو گیا، امارات ہو گیا، وہ اپنے ملکی مفاد کیلئے جاتے ہیں اور انڈیا کے ساتھ معاہدے کرتے ہیں اور ہمیں یہاں پہ دیتے ہیں صرف Loan، تو میں اور ہماری عوامی نیشنل پارٹی اور ساتھ میں ہمارے جو معزز اراکین ہیں، وہ پی ٹی آئی، پیپلز پارٹی، جو بھی پارٹی ہے، سیاست اپنی جگہ پر ہوگی لیکن جب ہمارے صوبے کا اور اسی سانس میں میں آپ کو کافی وثوق سے یہ بات کر سکتا ہوں کہ ہر قسم کے وسائل ہمارے پاس ہیں لیکن Never to compromise on our peace اور یہ پیغام ہمیں پہنچانا چاہیئے ہر ایک Corner پر، اور اگر آپ کی اجازت ہو اور آپ میرے ساتھ اس میں متفق ہیں تو ہم ایک کمیٹی اس Institute کے ساتھ بھی بنالیں، پارلیمان بھی ہوگا، تمام Stakeholders بھی ہوں گے اور جہاں بھی ہماری ضرورت ہوگی، ہم آگے ہوں گے، جیسے ڈی آئی خان کا، یہ بنوں کا جو واقعہ ہوا تھا اور جب Peace آئے گا، تو میں آپ کو مثال دیتا ہوں ترکی کی، ملائشیا کی دے دوں گا، ٹورازم کی آپ بات کرتے ہیں، Organic produce کی بات کرتے ہیں، تو وہاں پہ جو Peace ہے، تو 23-2020 میں Covid کے Just from tourism alone بعد ترکی نے ایک سال میں Fifty four billion dollars کا ان کو ٹورازم میں فائدہ ملا ہے اس میں، آپ بجٹ دیکھیں کہ پاکستان کا کتنا ہے؟ Fifty billion dollars, peanut ہے، تو مہربانی کریں ہم Constructive criticism کریں گے لیکن اس میں ہم United ہیں اور میں یہ چاہوں گا کہ تمام Stakeholders آئیں، آئین کے مطابق اور اس میں Win win formula پر آپ کو بھی فائدہ ہوگا اور عوام کو بھی فائدہ ہوگا اور یہ مت سمجھیں کہ، بہت ایک مثبت بات ہے اور انتہائی تشویشناک بات یہ کہ ابھی جو پچھلے مہینے میں Fire wall ایک بنائی جارہی ہے، Fire wall کیونکہ ہم انٹرنیٹ کو کنٹرول کرنا چاہ رہے ہیں، اس لئے کہ ہماری ایک خوف زدہ پالیسی ہے، لوگوں کو ڈرا کر، لوگوں کو Harass کر کے، میں اس Floor of the House سے

مطالبہ کرتا ہوں کہ یہ سسٹم آپ چھوڑیں کہ Guilty till proven innocent پہلے سے ہی آپ کو Guilty کر دیتے ہیں، Innocent till proven guilty ہے، اگر میں نے کچھ کام کئے ہیں، تو Trial کریں، Convict نہیں ہے تو ویسے آپ جیل میں نہیں رکھ سکتے، جیسے ہم مطالبہ کریں کہ آپ عمران خان کو رہا کریں، اسی کے ساتھ یہ جو آپ سوشل میڈیا کو کنٹرول کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، تو صرف پچھلے مہینے میں جو انہوں نے کیا ہے اور پاکستان جیسے Struggling ملک میں Three hundred million dollars کا ہمیں اس میں نقصان ہوا ہے، وہ کون برداشت کرے گا؟ اور پھر میں سب سے بڑا جو ہمارے پاس یہاں پہ اثاثہ ہے، جو آپ کے سپوٹرز ہیں، Youth، وہ امریکہ کے پاس بھی نہیں ہیں لیکن ہم ان کو Deprive کر رہے ہیں، تو ہم آپ کے ساتھ ہیں، صحیح Stand پہ ہیں، تمام Stakeholders کو آئین کے مطابق چلنا ہوگا اور ایک ایجنڈے پر ہم Compromise نہیں کریں گے کہ ہمیں Ubiquitous blanket pieces اس میں چاہیئے اور اس کیلئے میں ہاؤس کو Recommend کرتا ہوں کہ آپ کمیٹی بنائیں جس میں ادارے کے نمائندے بھی ہمارے ساتھ ہوں گے اور علاقے کے یہ جو ذمہ دار لوگ ہیں، وہ بھی ہوں گے کہ دوبارہ ہم آئیں ایک سال بعد اور اس پہ باتیں نہ کر رہے ہوں اور ایک پلان کے مطابق آپ نے بجٹ پاس کیا، دیکھیں، آپ کا بجٹ ابھی کہاں ہے؟ نو (9) سال ہو گئے ہیں Really shameful thing, the governance کہ گورنمنٹ بھی، Good governance اور Bad governance دیکھتے ہیں تو آپ کا بجٹ Lapsed ہوتا رہے گا۔ ایک طرف آپ کہتے ہیں پیسے نہیں ہیں، دوسری طرف بجٹ Lapse ہو رہا ہے، تو آپ صحیح اس کی Management کریں، آپ کو ہی فائدہ ہوگا۔ بہت شکریہ سپیکر صاحب۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: جناب علی ہادی صاحب۔

(عصر کی اذان)

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: علی ہادی صاحب۔

<u>جناب علی ہادی</u>: **اَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيطَـٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ اللَّهِ الرَّحۡمَـٰنِ الرَّحِيمِ۔ رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي۔ يَفْقَهُوا قَوْلِي۔** میڈم سپیکر، بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے موقع دیا ہے۔ میڈم، کرم کے حالات جو ہیں بد تر ہوتے جارہے ہیں دن بہ دن، میں کہوں گا بد سے بد ہوتے جارہے ہیں۔ کچھ عرصہ پہلے میرے کرم میں دو سو سے زائد زخمی اور پچاس سے زائد شہید ہوئے تھے، وہ دکھ ابھی کم نہیں ہوا تھا کہ ہم پہ ایک اور جنگ مسلط کر دی گئی، بد قسمتی یہ ہے کہ دو فریقین کے مابین مسئلہ ہوتا ہے اور وہ جنگ پورے کرم میں مسلط ہو جاتی ہے اور کوئی پرسان حال ہے ہی نہیں، یہ کیسی طاقت ہے اور یہ کونسی طاقت ہے کہ دو فریقین کے مابین جنگ ہوتی ہے اور پورے کرم میں وہ جنگ مسلط کر دی جاتی ہے اور اس میں بولنے والا کوئی بندہ ہے ہی نہیں، اور جہاں تک حکومت کی بات ہے تو حکومت جرگوں پہ جرگے، لیکن ان جرگوں کا کوئی حل ہی نہیں نکلتا، وہ عوام کی

آنکھوں میں دھول جھونکنے والی بات ہے کہ صبح کے دس بجے ہم جرگے کیلئے آجاتے ہیں، چھ بجے کے بعد کہا جاتا ہے کہ آپ کل آجائیں پھر جرگہ ہوگا، حکومت کو ایک مثبت اور ثالثی کردار ادا کرنا چاہیئے، کرم کے امن وامان کو برقرار رکھنے کے لئے لیکن بدقسمتی سے وہ بھی یہ نہیں کر رہے اور یہ پورا Burden آجاتا ہے ہم Politicians پہ کہ وہ اپنا کردار مثبت طریقے سے ادا نہیں کر رہے، جرگوں پہ جرگے اس کے بعد احتجاج بھی جو ہے ناں ایک اور غم آگیا ہے، جو بھی بندہ احتجاج کرتا ہے، وہ اپنے ذاتی مفاد کیلئے کرتا ہے، اپنی سیاست چمکانے کے لئے کرتا ہے۔ شکر الحمد للہ نہ ہم سیاست چمکانے کیلئے آئے ہیں، نہ ہم ذاتی مفاد کیلئے آئے ہیں، ہم عوام کے حقوق کی پاسداری کریں گے، چاہے کوئی خوش ہوتا ہے، چاہے کوئی ناراض ہو جاتا ہے، اس Aim پہ ہم یہاں پہ آئے ہوئے ہیں اور یہ بات بالکل بجا ہے کہ ہم سوشل میڈیا پہ ہر چیز Highlight نہیں کرتے لیکن مجھے لگ رہا ہے کہ آج کے بعد ہمیں بھی سوشل میڈیا پہ ہر چیز Highlight کرنی چاہیئے، بے شک عملی میدان میں کام ہو یا نہ ہو، سوشل میڈیا پہ جو لوگ خوش ہو جاتے ہیں۔ میڈم، یہ ایک چیز میں یہاں پہ Link کرنا چاہوں گا کہ اس جنگ کی سب سے بڑی وجہ Land dispute کے بعد بے روزگاری ہے، آٹھ فروری سے لے کر آج کے دن تک میں نے اپنے حلقے میں کوئی ایک اینٹ بھی نہیں لگائی، عوام مجھ سے پوچھتے ہیں، منتخب نمائندے سے پوچھتے ہیں کہ بھئی آپ نے کیا کیا ہے ابھی تک؟ میرے پاس کوئی جواب ہے نہیں، کچھ ملا ہی نہیں ہے کہ میں لگاؤں، میں روزگار فراہم کروں عوام کیلئے، میں صرف یہ کہنا چاہوں گا کہ کرم کے عوام جتنی مظلومیت کا شکار ہیں جس پہ سوشل میڈیا بھی خاموش، نیوز والے بھی خاموش، Stakeholders بھی خاموش، آخر سیاستدان کریں تو کیا کریں؟ ہم نے بڑی پسلی اپنی ایک کر دی ہے لیکن کوئی حل نہیں نکلتا۔ اس کے علاوہ ہمارے یہاں پہ ایک جناب نے اپنی سیاست چمکانے کیلئے اور اس کے علاوہ واہ واہ حاصل کرنے کیلئے، ہمارے حلقے کے جتنے بھی لوگ ہیں، ان پہ دہشت گرد کا لیبل لگا دیا، افسوس کی بات ہے، جہاں تک ہم نے سٹڈی کی ہوئی ہے، جہاں تک ہم نے Research کیا ہوا ہے، جہاں تک ہم نے Elders سے سنا ہے، جہاں تک ہم نے اپنے مشران سے سنا ہوا ہے، میں ان کی تعلیم میں اور علم میں اضافہ کرنا چاہوں گا کہ دہشت گرد اگر کسی کے ذہن میں یہ ہو، تو یہ بات اپنے ذہن سے نکال دیں کہ دہشت گرد صرف اہل تشیعوں کو Target کرتا ہے اور یہ بات بھی اپنے ذہن سے نکال دیں کہ دہشت گرد صرف اہل سنت کو Target کرتا ہے، دہشت گرد کے اپنے ذاتی مقاصد ہوتے ہیں، وہ یہ نہیں دیکھتا کہ میرے سامنے کون کھڑا ہوا ہے؟ وہ اپنے ذاتی مقاصد کو Satisfy کرتا ہے، ہم کیوں اتفاق کے ساتھ کام نہیں کرتے؟ اور بدقسمتی یہ ہے کہ ہم سب کو اپنے حلقے تک محدود ہو کر رہنا چاہیئے، ایک تو ہم حلقے تک محدود ہو کر نہیں رہتے، اوپر سے لوگوں کی واہ واہ بھی حاصل کرنا چاہتے ہیں، اگر اتنا ہی شوق ہے دوسروں کے حلقوں میں گھسنے کا، تو امن کی بات کریں، بھائی چارے کی بات کریں، ترقی کی بات کریں، خوشحالی کی بات کریں، ڈیویلپمنٹ کی بات کریں، آپ اٹھ کر دوسرے حلقے والوں کو دہشت گرد قرار دے رہے ہیں۔ یقین مانیں شہید عرفانی نے ایک بات کی تھی، اگر کسی کو شکست دینا ہے تو اپنے کردار سے شکست دینا ہے، یہ میرا ظرف ہے کہ میں جواب نہیں دے رہا ورنہ جواب دینا بھی جانتا ہوں اور لاجواب کرنا بھی جانتا ہوں، میں صرف یہ کہوں گا کہ آئیں مل کر ابھی

بھی میں تیار ہوں اپنے علاقے کیلئے، اپنے علاقے میں امن وامان برقرار رکھنے کیلئے، جو بھی بندہ آئے، اس کے ساتھ میں چلنے کیلئے تیار ہوں، اس سے بڑی بات تو میں اور کر نہیں سکتا، تکلیف کس کو ہے؟ عوام کو ہے، ایجوکیشن کا نظام درہم برہم ہو چکا ہے، رستوں میں مسئلے عوام کے ہیں، جنگوں میں جوان مر رہے ہیں، ابھی تک مجھے بتائیں کہ وہ بندے جو سوشل میڈیا پہ بک بک کرتے ہیں اور نازیبا الفاظ استعمال کرتے ہیں، مجھے بتائیں اس کے گھر میں کوئی میت رکھی ہے؟ اس کے گھر میں کوئی زخمی ہوا ہے؟ بس وہ سوشل میڈیا پہ جو ہے ناں بکواس کر لیتے ہیں، جنگ چھڑ جاتی ہے۔ میں صرف یہ کہوں گا کہ دیکھیں کرم کے امن وامان کیلئے اور امن وامان کو برقرار رکھنے کیلئے میرے ساتھ ساتھ یہ جتنے بھی ہمارے یہاں پہ Colleagues موجود ہیں، ان کی بھی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اس میں اپنا ایک مثبت کردار ادا کریں۔ آخر کب تک ہم لاشیں اٹھاتے رہیں گے؟ میڈم، میں گزارش کروں گا کہ لینڈ کمیشن کی بات ہو رہی تھی، وہ بات صرف یہاں تک محدود ہو کر رہ گئی ہے، حکومت Interested ہی نہیں ہے، At Least ہم تو موجود ہیں وہاں پہ، ہم سے کام لے، ہمیں بتائے، ہمیں استعمال کرے، عوام نے ہمیں ووٹ اسی ہی وجہ سے دیا ہوا ہے، یقین مانیں ایسے سکون پر میں لعنت کرتا ہوں جو عوام کو ریلیف نہ دے، یقین مانیں انسان کا دل تنگ بھی ہو جاتا ہے کہ امن تب تک برقرار رہتا ہے جب تک دوسری جنگ نہیں چھڑتی، موسم کا بھی پتہ نہیں ہے، امن کا بھی پتہ نہیں ہے، ترقی کا بھی پتہ نہیں ہے۔ میری گزارش ہے کہ کرم کے امن وامان کو برقرار رکھنے میں ہمارا ساتھ دیں اور فرداً فرداً جتنے بھی لوگ ہیں، اس میں مثبت کردار ادا کریں۔ بہت شکریہ، میڈم۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: جناب کبیر خان صاحب۔

<u>جناب عبدالکبیر خان</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ میڈم سپیکر، یہ 9 اور 10 ستمبر کو جو ہوا، اب تک اس پہ کافی بات ہو چکی ہے، میں کوشش کروں گا کہ بات کو مختصر رکھوں لیکن میڈم سپیکر، 10 ستمبر کو جو بھی ہوا، یقیناً وہ اس ملک کی تاریخ میں 10 ستمبر کے دن کو ایک تاریخی دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ میڈم سپیکر، کوئی بھی ملک یا Even کوئی بھی گھر ایک قانون اور قاعدے کے بغیر نہیں چل سکتا، ممالک دستور پہ، Constitutions پہ چلتے ہیں اور Constitution میں ہر ادارے کے کردار کا تعین ہوتا ہے کہ اس ادارے نے کیا کام کرنا ہے؟ اس کے علاوہ شہریوں کے جو بنیادی حقوق ہوتے ہیں، مثلاً Freedom of movement, freedom of expression, right to live, right to vote، یہ سب ہمارے وہ حقوق ہیں جو دستور نے ہمیں دیئے ہوئے ہوتے ہیں لیکن گھر کے بڑے اگر ان بنیادی حقوق کو سلب کرنے پہ تل جائیں تو سوال میڈم، یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ گھر کیسے چلے گا؟ میڈم سپیکر، اجتماعی شعور Collective wisdom ایک چیز ہوتی ہے، پچیس کروڑ کی یہ قوم اپنے Collective wisdom کے ذریعے یہ فیصلہ کرتی ہے کہ ہم نے کونسی پارٹی کو اقتدار میں لانا ہے یا کس شخص کو وزارت عظمیٰ کی کرسی پہ بٹھانا ہے؟ اور یہ پارلیمنٹ جو ہے یہ قوم کی اجتماعی شعور کی علامت ہے لیکن آج اگر قوم کے اس فیصلے کو ردی کی ٹوکری میں ڈالتے ہو اور چند طالع آزما Duffers بیٹھ کر، ایف اے پاس Duffers پھر بیٹھ

کر قوم کے اجتماعی شعور کو رد کرتے ہو تو سوال یہ بنتا ہے کہ ملک کیسے چلے گا؟ میڈم سپیکر صاحبہ، اب تک 9 ستمبر اور 10 ستمبر کے حوالے سے بہت بات ہو چکی ہے، ہم جب سکول میں ہوتے تھے تو ایک مضمون ہوتا تھا کہ Speak gently اور اس میں یہ لکھا ہوا ہوتا تھا کہ It`s better far to rule by love than fear، کیوں آپ قوم کو ڈرانا چاہتے ہو؟ آپ نے ایسٹ پاکستان سے کچھ نہیں سیکھا، آپ نے بلوچستان سے کچھ نہیں سیکھا اور وہی کر تو توں پہ لگے ہوئے ہو، Out of seventy seven years سے جو ہسٹری ہماری اس ملک کی بنتی ہے۔ میڈم، آپ دیکھیں بتیس تینتیس سال آپ نے ڈائریکٹ حکومت کی، Constitution کو ردی کی ٹوکری میں ڈال دیا جو کہ وہ بہت مشکل سے پچیس سال کے بعد تو بنا تھا، تو ڈائرکٹ حکومت پہلے مارشل لاء کے دس سال، پھر اگلے مارشل لاء کے چار پانچ سال، پھر تیسرے مارشل لاء کے نو دس سال اور اس کے بعد پھر چوتھے مارشل لاء کے دس بارہ سال، تو ستتر (77) سال میں تو آپ نے جو آدھا جو ٹائم ہے وہ تو ڈائرکٹ حکومت کی، پھر باقی پینتیس چالیس سال Kings party والا کردار، Kings maker والا کردار آپ کا رہا اور آگے سے پھر جو Blame آتا ہے تو وہ سیاسی لوگوں پہ۔ میڈم سپیکر، بہت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ The army under its present leadership even puts General Zia, General Zia dictatorial regime in cruelty and shade، آج جو ہو رہا ہے میڈم، Even wars have limits، جنگوں کی بھی کوئی حدود ہوتی ہیں، Domestic law ہو یا International law ہو، آپ اٹھائیں یا Even Islamic law اٹھائیں، اس میں تو کہتے ہیں کہ آپ نے عورتوں پہ ہاتھ نہیں اٹھانا، آپ نے بچوں پہ ہاتھ نہیں اٹھانا، آپ نے بوڑھوں پہ ہاتھ نہیں اٹھانا لیکن اس ملک میں جو ظلم کا بازار نو(9) مئی کے بعد گرم ہے، کیا ہم بجا طور پر اپنا تقابل غزہ کے مسلمانوں کے ساتھ نہیں کر سکتے؟ The only difference, Madam, is کہ وہاں پرائے کر رہے ہیں اور ادھر ہمارے ساتھ اپنے ہی یہی کر رہے ہیں۔ میڈم سپیکر، پاکستان تحریک انصاف کیا چاہتی ہے؟ پاکستان تحریک انصاف حقیقی معنوں میں پاکستان تحریک انصاف میں وہ لوگ شامل ہیں جو حقیقت میں اس ملک سے محبت کرتے ہیں، ہم عمران خان کو ایک مسیحا سمجھتے ہیں کیونکہ اس نے اپنے عمل سے اور اپنی پچاس سالہ Public life سے یہ ثابت کیا ہے کہ وہ واقعی طور پر اس ملک کیلئے ایک درد رکھنے والا شخص ہے، ہم تو پاکستان سے Asian tiger بنانا چاہتے ہیں، ہم تو Allegorical society بنانا چاہتے ہیں، Where you uphold the principles of justice for all، یہ نہ ہو کہ مریم بی بی کیلئے ایک قانون ہو اور سردار علی امین خان کیلئے دوسرا۔ میڈم، آپ اٹھائیں، آپ چیک کریں کہ آج کل سب کچھ سوشل میڈیا پہ موجود ہے، ہماری نیشنل اسمبلی کے Sitting Speaker یا Even Defense Minister یا جناب محمد نواز شریف صاحب، انہوں نے اسٹیبلشمنٹ کے بارے میں کیا کچھ نہیں کہا؟ ایک نے کہا 'ابھی نندن' کے معاملے پر اس کی ٹانگیں کانپ رہی تھیں، وہ Sitting Defense Minister ہے، آپ کا یا سپیکر ہے نیشنل اسمبلی کا، میاں صاحب نے خود Sitting Army Chief اور اس وقت کے Sitting DG (ISI) کو Direct challenge کیا لیکن ان کیلئے ایک قانون اور اگر ہم کوئی بات کریں مثبت طریقے سے، کیونکہ ہم

پاکستان کی بھلائی چاہتے ہیں، ہم ایمان سے یہ سمجھتے ہیں کہ اگر آپ نے پاکستان کی بہتری کرنی ہے تو اس قیدی نمبر 804 کو واپس لانا ہوگا (تالیاں) اور ستم ظریفی تو یہ ہے کہ ایک طرف دنیا اس کو آکسفورڈ یونین کے President ship کے لئے Nominate کرتی ہے اور دوسری طرف خود اپنے ملک میں آپ اس کے ساتھ کیا سلوک کر رہے ہو؟ پاکستان کا Dilemma یہ ہے کہ ادھر جو بھی Popular leader گزرے ہیں کسی نے بھی ان کو تسلیم نہیں کیا اور مجھے تو افسوس ہوتا ہے کہ جو پارٹیاں اپنے آپ کو جمہوریت کا چیمپئن سمجھتی ہیں، بد قسمتی سے ان کا کردار دیکھو، ابھی یہ Nineteen constitutional amendment جو آرہی ہے، ان کا کردار ذرا دیکھو یا Even 10th September کے حوالے سے وہ Mum ہیں یا الٹا ان کو Support کر رہے ہیں۔ پرسوں ایک قانونی اجازت کے باجود کہ جب ہمیں قانون اور آئین اجازت دیتا ہے کہ جاؤ جلسہ کرو، ایک Elected CM چونکہ یہاں کے پانچ کروڑ عوام کا نمائندہ ہے، ان کے ساتھ آپ کا سلوک دیکھو، اگر ملک کو صحیح معنوں میں چلانا ہے، اگر یہاں Economic stability لانی ہے تو اس میں کوئی دوسری رائے نہیں ہے کہ آپ کا جو سیاسی ایک عمل نہ ہو، ملک میں سب چیزیں Constitution کے مطابق نہ ہوں تو آپ کی Economic stability, political stability کے بغیر نہیں آسکتی اور اگر Political stability آپ نے لانی ہے تو پاکستان تحریک انصاف کو اپنا Space دینا ہے تو تب جا کر آپ کی Economic stability آئے گی اور یہ ملک آگے چلے گا۔ آج میڈم، سب سے زیادہ ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں، پاکستان کے تمام Political stakeholders جو ہیں، وہ آئیں اور بیٹھیں کہ اس ملک کو کس طرح چلانا ہے؟ آیا جو ان پچھتر (75) سالوں میں جو طور طریقے رہے ہیں، اس طریقے سے اس ملک کو چلانا ہے کہ قوم ایک فیصلہ کرے اپنے ووٹ کے ذریعے سے اور آپ قوم کی رائے کو رد کر کے Victory کو Defeat میں تبدیل کر دیتے ہو۔ سپریم کورٹ میں ایسے ججز کو لانے کی کوشش کرے جو غیر آئینی طریقوں سے اور جب اس میں ان کو بھی ناکامی ہو، تو پھر Presidential ordinance کے ذریعے کہ کردار کیا ہونا چاہیئے، تو پہلے تو یہ Decide کرنا پڑے گا کہ آیا اس ملک کو Constitution کے ذریعے چلانا ہے یا Constitution کو سائڈ پہ رکھ کر دوسرے طریقوں سے چلانا ہے؟ اور یہ ہم سب جو پارلیمانی جماعتیں ہیں، جو اس ملک کی سیاسی جماعتیں ہیں، پرسوں فاضل دوست نے کہا کہ سیاست ایک سائنس ہے، میں کہتا ہوں کہ Politics is the finest art and the most creative profession لیکن اس سب کیلئے، پارلیمنٹ کی بالادستی کیلئے، Rule of Law کیلئے، اس کی Supremacy کیلئے، Constitution کیلئے، ہم سب کو مل کر بیٹھنا پڑے گا اور یہ سوچنا پڑے گا کہ ہماری یہ چھوٹی سی جو ہسٹری رہی ہے، اس سے سیکھنا ہے، At least سیکھنا پڑے گا کہ Future میں ہم نے اپنی Next generation کو کیسے ملک دینا ہے؟ میڈم سپیکر، آخر میں میں اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے بونیر میں پرسوں امن پاسون کے ذریعے خدوخیل کے غیور عوام کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ امن کی خاطر وہ نکلے ہیں، تمام سیاسی جماعتیں ایک Page پہ ہو کر امن کیلئے انہوں نے ایک ریلی نکالی ہے اور ایک احتجاجی پروگرام کیا ہے، تو اس Floor سے میں ان خدوخیل کے

تمام عوام، غیور عوام کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کیونکہ جب امن ہوگا تو سب کچھ ہوگا۔ بہت بہت شکریہ میڈم سپیکر، Thank you very much.

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جناب شفیع اللہ جان صاحب۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: میڈم سپیکر، میں بات کرلوں؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: یہ شفیع اللہ جان صاحب کے بعد، پلیز پلیز، باری کا انتظار کریں۔

جناب شفیع اللہ جان: تھینک یو میڈم سپیکر۔ اَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَـٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَـٰنِ الرَّحِيمِ۔ میں سب سے پہلے اپنے ایوان میں اپنے دوست، اپنے تحریک انصاف کے ساتھی، رحمین خان جو کل کرم کے جنگ میں شہید ہوئے ہیں، انتہائی افسوس کے ساتھ کہ تحریک انصاف ایک نظریاتی ورکر سے محروم ہوئی، ان کی خدمات "انصاف یوتھ ونگ" کیلئے اور تحریک انصاف کیلئے ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، اللہ ان کے درجات بلند کرے، ان کے ساتھ تمام شہداء کے درجات بلند کرے۔ اس کے بعد میڈم سپیکر، آج ایوان میں میں جو اپنے ساتھ فائلیں لایا ہوں، جو فائلز اور جو کاغذات میرے ارد گرد پڑے ہوئے ہیں، آج میں کھل کر اس پہ بات کروں گا۔ میڈم سپیکر، یہ فائلز ایک محاذی زمین کی ہیں، وہ محاذی زمین جو بنوں میں واقع ہے، جس کے خسرے نمبر-2604-2603 2605، یہ ایک محاذی زمین کی ملکیت ہے اور اسی محاذی زمین پہ کیسے ایک موصوف اربوں پتی بن جاتا ہے۔ میڈم سپیکر، 1976 میں دلاور خان ایڈوکیٹ، سینیئر سول جج بنوں کی عدالت میں جاتے ہیں اور ایک Application لے کر جاتے ہیں جس میں وہ ان خسرہ نمبر کو سامنے رکھ کر کہتے ہیں کہ یہ جو محاذی زمین ہے، اس کے ساتھ جو Adjacent خسرے ہیں وہ میری ملکیت ہے، لہذا جو محاذی خسرے نمبر جو میں نے پہلے آپ کو بتایا ہے، وہ بتا کر کہتے ہیں کہ ان کو میرے نام کے اوپر ٹرانسفر کیا جائے۔ میڈم سپیکر، یہ کیس 1976 میں فائل ہوتا ہے اور یہ کیس دلاور خان جو ہے وہ غلام حسن، عرف اللہ خان اور یعقوب خان کے خلاف کرتے ہیں۔ جب یہ کیس عدالت میں لگتا ہے، چار سال یہ کیس چلتا ہے اور دلاور خان کے حق میں 1981 میں ڈگری ہو جاتی ہے۔ دلاور خان وہ موصوف ہیں جس کا صاحبزادہ اس وقت جج ہمایون دلاور ہے، یہ کیس کیسے ہمایوں دلاور کی طرف جائے گا؟ یہ آپ کو سننا پڑے گا، یہ کیسے اس کو Connect کرے گا جب 1980 میں دلاور خان کے نام ڈگری ہو جاتی ہے اور Permanent injunction کی ڈگری پاس ہوتی ہے تو ایک سو ستر (170) کنال کی زمین ان کے نام کر دی جاتی ہے۔ محترمہ سپیکر، یہ جتنی بھی اراضی ہے، یہ CPEC residential colony کو فروخت ہوتی ہے۔ جب 1981 میں دلاور خان کے نام لگ بھگ ایک سو ستر (170) کنال کی ڈگری ہوتی ہے تو موصوف اکتالیس سال بعد ایک اور Application لے کر جاتے ہیں اور ایک دفعہ پھر وہ عدالت جاتے ہیں 2022 میں اور 2022 میں اپنے بیٹوں کو گواہ بناتا ہے جن میں ایک حاضر سروس جج جناب ہمایون دلاور صاحب اور دوسرے اس کے گریڈ سترہ آفیسر صادق دلاور صاحب ہوتے ہیں۔ اس بار وہ ایک عجیب Application لے کر جاتے ہیں جو میں کہتا ہوں کہ

یہ فراڈ کے زمرے میں آتا ہے، جو دو نمبری کے زمرے میں آتا ہے، جو چیزوں کو Manipulate کر کے اپنے آپ کو مالی فائدے پہنچانے کے زمرے میں آتا ہے اور یہ بڑی عجیب ایک Story ہے کہ جو Application لے کر جاتے ہیں، گواہ بھی اس کے بیٹے ہیں، رجسٹرار عزیز مالی خان، وہ بھی ان کے ساتھ ملے ہوئے ہیں، جو اس وقت Additional charge ان کے پاس ہوتا ہے اور یہ کہتے ہیں کہ خسرہ نمبر 2593 اور 2594 جو سابقہ خسرہ نمبر ہیں اور موجود خسرہ نمبر 5827 اور 5824 میں واقع ہیں اور انتالیس (39) کنال کی زمین کو رجسٹرار کے ساتھ مل کر اپنے نام کر لیتا ہے، جو 1980 کا فیصلہ تھا اور 1981 میں انتقال ہوا، اس فیصلے میں ان خسرہ نمبر کا کوئی ذکر نہیں ہے لیکن بد قسمتی سے دیکھیں اس ملک کے نظام کو کہ جب آپ ایک اثر و رسوخ والے ہوتے ہیں تو پھر آپ قبضہ مافیا بھی بن جاتے ہیں، پھر آپ اپنے آپ کو فائدہ دینے کیلئے کسی کا نقصان بھی کر سکتے ہیں، پھر آپ قانون کو جوتے کی نوک پہ رکھتے ہیں، ہر دو نمبری آپ کرتے ہیں، صرف اور صرف اس دو نمبری کا فائدہ اپنی ذات کو دینے کیلئے ہوتا ہے اور یہ ساری چیزیں دلاور صاحب کر رہے ہیں اور دلاور صاحب جو کر رہے ہیں، اس کی سرپرستی موجودہ ایف آئی اے کے جج ہمایوں دلاور کر رہے ہیں اور یہ وہی ہمایون دلاور ہے جو خان صاحب کو توشہ خانہ میں ناجائز سزا دیتے ہیں، یہ وہی ہمایوں دلاور ہے جو راتوں رات توشہ خانہ کا کیس چلاتے ہیں، کیس میں کچھ نہیں تھا لیکن Speedy کارروائی کرتے ہیں، جرح نہیں ہونے دیتے، قائد عمران خان کے وکیل کو نہیں سنا جاتا اور راتوں رات توشہ خانہ کا فیصلہ کرتے ہیں، عمران خان کو ملزم ٹھہراتے ہیں اور Respond میں یہ جو فائل میرے پاس ہے، یہ Kick backs لیتے ہیں۔ میڈم سپیکر، یہ سب نے تہیہ کر رکھا ہے کہ کوئی بھی جرنیل، کوئی بھی جج، کوئی بھی سیاست دان، کوئی بھی سرکاری آفیسر دو نمبری کرے گا، اپنی ذاتی فائدے کیلئے ہیر پھیر کرے گا، ہم اس کو عوام کے سامنے ننگا کر کے رکھیں گے۔ ہم سب نے اب Parallel line draw کر دی ہے کہ یہ ملک اب Civil supremacy میں سے چلے گا اور یہ ملک کے منتخب لوگوں کے ووٹوں سے آئے ہوئے لوگ چلائیں گے۔ محترمہ سپیکر، جب دلاور خان دو نمبری طریقے سے انتالیس (39) کنال کی زمین اپنے نام کرتے ہیں، تو اس صوبے کا اینٹی کرپشن یونٹ حرکت میں آجاتا ہے، وہ ساری کارروائی کرتا ہے، سارے ثبوت اکٹھا کرتا ہے، سارے ثبوت اکٹھے کرنے کے بعد اینٹی کرپشن دلاور خان، ہمایوں دلاور اور صادق دلاور کو نوٹس کرتا ہے اور وہ نوٹس میں یہ کہتا ہے کہ آپ پیش ہوں اور آپ پہ جو الزامات لگے ہیں، یہ اس کے حقائق ہیں اور آپ اپنی صفائی پیش کریں لیکن اس ملک میں کبھی قانون کی پاسداری نہیں ہوئی اور کمال کی بات یہ دیکھیں کہ اس وقت ایک جج جو Sitting judge ہے، وہ انصاف کی کرسی پہ بیٹھا ہوا ہے، اس کو نوٹس ہوتا ہے کہ آپ نے فلاں جگہ پہ دو نمبری کی ہے، آپ نے فلاں جگہ پہ اپنے آپ کو ذاتی فائدہ دینے کیلئے اربوں روپے کا گھپلا کیا ہے، آپ نے فلاں جگہ پہ اپنے ذاتی فائدے کیلئے دو نمبری پر زمین اپنے نام کی ہے، آپ نے اپنے ذاتی فائدے کیلئے اپنے باپ کے ساتھ، اپنے بھائی کے ساتھ، اپنی بھتیجی کے ساتھ جو خاندانی کمپنی ہے، آپ نے یہ کمپنی بنائی ہے جو ساتھ مل کر آپ نے ارب پتی بن گئے ہیں، آپ نے دو نمبری کی ہے، اینٹی کرپشن جا کر آپ کو ایف آئی آر دیتی ہے اور آپ اس ایف آئی آر کے Against پیش نہیں ہوتے اور تماشہ یہ دیکھیں کہ جو لوگ ان کو ایف

آئی آر دیتے ہیں اینٹی کرپشن کے لوگ، جس میں ہمارے سپیشل اسسٹنٹ بریگیڈیئر مصدق عباسی صاحب ہیں، ایف آئی اے کا یہ جج جو ایف آئی اے کو Head کرتا ہے، وہ ایف آئی اے کو دباؤ میں لاتا ہے اور الٹا عباسی صاحب پہ ایف آئی اے جو ہے وہ ایک ایف آئی آر کاٹ دیتی ہے اور عمران ریاض صاحب پر ایک ایف آئی آر کاٹ دیتی ہے۔ یہ مذاق دیکھیں کہ جی اینٹی کرپشن نے ایک ایف آئی آر جج صاحب کو دی، جج صاحب نے اپنے اختیارات استعمال کر کے ایف آئی اے کو دباؤ میں لا کر جس نے ایف آئی آر دی تھی اس پہ ایف آئی آر کرا دی اور اس سے زیادہ مذاق یہ ہے کہ عمران ریاض صاحب اور مصدق عباسی صاحب بریگیڈیئر ریٹائرڈ جو ہمارے سپیشل اسسٹنٹ ہیں، اب اس ایف آئی آر میں اس عدالت میں پیش ہوں گے جس کو Head ہمایوں دلاور صاحب کریں گے، تو یہ کیسا قانون ہے؟ کہ وہی بندہ آپ کو سنے گا جس نے آپ کو ایف آئی آر دی ہے، اس ملک میں قانون کی تو کوئی پاسداری نہیں ہے، اب ایف آئی آر وہ بندہ سنے گا جس نے آپ کو ایف آئی آر دی ہے، تو وہ کیا خاک انصاف کرے گا؟ اس کا انصاف تو ہم توشہ خانہ میں دیکھ چکے ہیں اور توشہ خانہ کو جو رات کے اندھیرے میں اس جج موصوف نے انصاف پہ جو ڈاکہ ڈالا تھا، وہ صرف اور صرف اپنے Kick backs کیلئے ڈالا تھا اور وہ یہ سارے ثبوت جو ہم اپنے ساتھ اس ایوان میں لائے ہیں، یہ اس موصوف کے خلاف وائیٹ پیپر ہے۔ میڈم سپیکر، یہ جو کیس ہے، اس کو ہم ایسے نہیں چھوڑیں گے، ہم اسمبلی کے Floor پہ بھی بات کریں گے اس پر، ہم ٹی وی پہ بیٹھ کر بھی اس پہ بات کریں گے، ہمیں جہاں بھی موقع ملے گا، ہم اس موصوف کے خلاف بات کریں گے اور اس موصوف کو جو اینٹی کرپشن نے ایف آئی آر دی ہے، اس کے سامنے پیش بھی ہونا پڑے گا۔ اب یہ ملک قانون کے مطابق چلے گا، چاہے وہ جج ہو، چاہے وہ جرنیل ہو، چاہے وہ سیاستدان ہو، سب کیلئے ایک قانون ہے اور اس قانون کے سامنے سب ایک ہیں۔ میڈم سپیکر، میں اس ایوان سے اور آپ سے یہ مطالبہ بھی کرتا ہوں کہ جب تک اس کیس کا فیصلہ نہیں آتا، تو میں یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ چیف جسٹس آف اسلام آباد سے سپریم کورٹ کے جو چیف جسٹس ہیں، ان سے، چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ سے اور سپریم جوڈیشل کونسل سے کہ جب تک اس کیس کا فیصلہ نہیں آتا، اس وقت تک جج ہمایون دلاور کو Sideline کیا جائے جب تک انکوائری کمپلیٹ نہیں ہوتی، جب انکوائری کمپلیٹ ہو، موصوف اگر بے گناہ ثابت ہوتے ہیں تو بے شک اپنے منصب پہ آجائیں لیکن کیسے ممکن ہے کہ اس عدالت میں لوگ پیش ہوں گے کہ جس جج نے الزام لگایا اس جج کے سامنے لوگ پیش ہوں گے، تو اس موصوف کو Suspend کیا جائے جب تک اس کیس کی انکوائری نہیں ہوتی۔ میڈم سپیکر، موصوف کے جو بھائی ہیں صادق دلاور صاحب، وہ اس وقت گریڈ سترہ کے آفیسر ہیں اور وہ CEO ہیں CPEC residential colony کے اور یہ ساری زمین محاذی زمین جو ان کے نام انتقالات ہوئے ہیں، رجسٹری ہوئی ہے، یہ اسی دن بیچی گئی ہے اس CPEC residential colony کو، موصوف گریڈ سترہ کے آفیسر بھی ہیں، ایک پرائیویٹ ہاؤسنگ اتھارٹی کے CEO بھی ہیں، تو یہ KP Services Act کی خلاف ورزی ہے، تو گورنمنٹ اس پہ بھی ایکشن لے گی کہ کیسے ایک گریڈ سترہ آفیسر جو ایک پرائیویٹ ہاؤسنگ کالونی کا CEO بیٹھا ہوا ہے، یہ تو Conflict of interest ہے کہ گریڈ سترہ کا آفیسر بھی ہے اور Private residential

کاCEO بھی ہے، تو یہ وہ ساری چیزیں ہیں جو ہمارے پاسBlack and white میں موجود ہیں، یہ وہ سارا کیس ہے جو موصوف ہمایوں دلاور صاحب کو قائد عمران خان کو توشہ خانہ میں سزاوار قرار دیکرKick backs دی گئی ہیں۔ میڈم سپیکر، یہاں پہ میں ایک اور چیز کا حوالہ دوں گا PLD Supreme Court کا Page No. 80 80 اور 86 پر ایک Reported judgment ہے جس میں احادیث کا حوالہ دیا گیا ہے اور بحیثیت مسلمان حدیث میں اس کا مفہوم کچھ یوں ہے کہ تین قسم کے قاضی ہوتے ہیں، ان میں سے دو قسم کے قاضی جہنم میں جائیں گے اور ایک جنت میں جائے گا، جو جنت میں جائے گا وہ قاضی حق کو پہچانے گا اور حق کے مطابق فیصلہ کرے گا، باقی جو دو ہیں، ایک وہ جو حق کو پہچانتا ہو گا اور اسکے Against فیصلہ دے گا، وہ جہنم میں جائے گا اور تیسرا جس کو کچھ سمجھ نہیں آتی اور وہ فیصلے کرتا جائے گا، وہ بھی جہنم میں جائے گا اور اسی کیساتھ PLD Supreme Court 1994 کے Page No. 80 اور 86 پہ ایک اور حدیث بھی ہے، اس کا مفہوم کچھ یوں ہے کہ قیامت کے دن منصف اور قاضی ایک وقت ایسا آئے گا جب وہ یہ حسرت سے کہے گا کہ کاش میں دو آدمیوں کے درمیان ایک کھجور کے بارے میں بھی فیصلہ نہ کرتا، تو یہ اتنی بڑی ذمہ داری ہے قاضی بننا اور جج بننا لیکن اسکے باوجود اپنے ذاتی فائدے کیلئے اس ٹائپ کے فیصلے دینا، تو اب اس ملک میں یہ فیصلے نہیں چلیں گے، یہ ملک اب Constitution کے مطابق چلے گا، جج جو فیصلہ کرے گا وہ قانون کے مطابق کرے گا، اس سے عدلیہ کا وقار بحال ہو گا اور اس جیسے موصوف جج اگر اس طرح کے فیصلے دیں گے، تو جیسے کہ ہمارے عدالتی نظام کے اگر آپWorld ranking میں دیکھیں تو دن بہ دن وہ نیچے جا رہی ہے، یہ مزید نیچے جائے گی۔ تو آخر میں میں اس اسمبلی کے Floor پر میڈم سپیکر، یہ پرزور مطالبہ کرتا ہوں کہ موصوف کو فوراً Suspend کیا جائے جب تک اس پورے کیس کی انکوائری نہیں ہوتی، جو انکے خلاف بنا ہوا ہے پورے ثبوتوں کیساتھ، تب تک اس جج کے نہ آئینی طور پہ، نہ قانونی طور پہ اور ویسے بھی جب بندے پہ جب الزام لگتا ہے تو اخلاقی طور پہ کرسی چھوڑنی چاہیئے، اخلاقیات ہی ہمیں درس دیتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو بے گناہ ثابت کریں پھر آکر اس منصب پر بیٹھے۔ آپ کا شکریہ ٹائم دینے کیلئے، Floor دینے کیلئے۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر:</u> جناب فضل حکیم صاحب۔

<u>جناب فضل حکیم خان یوسفزئی (وزیر لائیو سٹاک):</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه میډم سپیکر صاحبه، ما خو چې کومې خبرې کولې هغه مخکښې ډاکټر صاحب د سوات په باره کښې اوکړې، بهر حال تاسو ټائم راکړو زه ستاسو شکریه ادا کوم، زه به خپل تقریر د پښتو د یو شعر نه شروع کړم وائی:

کله په پښتو، کله په مذهب، کله په شر مې وژنی

یمه پښتون ډیر په هنر مې وژنی ډیر په هنر مې وژنی

کومه واقعه چې پرون زمونږ په سوات کښې اوشوه د هغې مونږ ډیر زیات مذمت کوؤ، او ډیر د افسوس خبره ده چې د بهر نه کوم میلمانه راغلی وو او د هغوی سره زمونږه د

سکوارډ د لین دړې سپاهیان وو که څلور سپاهیان وو، یو ورسره ایس ایچ او صاحب وو او هغوی باندې د مالم جبې په لاره باندې یو دهماکه اوشوه، یو پکښې شهید شو او نور زخمیان وو، زه څه گهنټه بعد یا څه نیمه گهنټه بعد پخپله هسپتال ته لاړم اورسیدم، ما ډرائیورنه پخپله باندې تپوس اوکړو چې دا څنګه حال وو؟ هغه ګذاردار وو او خبرې ئې ښه کولے شوې چې یره پوهه نه ووم خو مونږ راروان وو مخکښې او دا میلمانه مونږ پسې گاډی کښې شاته راروان وو او یکدم دهماکه اوشوه او یو دوړه شوه خدائے پاک رحم اوکړو ګاډے زمونږ راقابو شو او ښکته لا نه ړو ګنی نو چې څومره خلق پکښې ناست وو نو هغه به شهیدان شوی وو۔ بیا د هغوی سره سره شاته کوم میلمانه چې را روان وو، هغه هم الله پاک رحم اوکړلو بچ شول۔ زمونږه د سوات خلقو ډیرې سختې او ډیر تکلیفونه برداشت کړی دی، د پندره سال نه واخله تر 2012 پورې مونږه ډیر تکلیفونه برداشت کړی دی، د 05-2004 نه واخله تر 2012 پورې۔ بیا د هغې نه بعد زمونږه حالات لږ ترقئ طرف ته روان شو، نن مونږ ته الحمد لله د بهر نه خلق راروان دی، ښه پورا Investment خلق په سوات کښې کوی، زه به یو مثال درکړم، هغه بله ورځ د گلگت څه کسان دی یا د یو ځائے د بل ځائے، زمونږه سوات باغ ډهیرئ کښې سات سو پچاس ملین په یو ځائے باندې د سیند په غاړه باندې بهترین ډیویلپ هوټل جوړ کړے دے او خلق ډیر زیات راځی او زمونږه سوات د ټول پاکستان دپاره، د ټول ملک دپاره د خیبر پختونخوا دپاره، د یو سیلګرئ ځائے دے، سترې شی، خلق ځان له روزګار کوی، ځان له خپل بزنس کوی، بیا هغوی ته چهټی ملاؤ شی د ماشومانو د سکول چهټی ملاؤ شی، نو ډیر زیات خواهش ئې وی چې یره مونږه سیند ته بوځه، مونږه یخ ځائے ته بوځه، په جون جولائی کښې زمونږه د سوات داسې بهترین موسم وی لکه دلته چې په جنوری په فروری کښې وی، کوم چې اپر سوات دے، کالام، مالم جبه ده، هلته لاړ شی او هغوی ته سکون ملاؤ شی، نو زمونږه سوات، ستاسو سوات، زمونږه د دې ملک په جمع سوات دے چونکه زمونږه پکښې د ټولو حق دے، هغه تباه او برباد شوے وو په دهماکو په خودکشو، هره نمونه تکلیفونه مونږه برداشت کړی دی، نن مونږ ته بیا یو جهټکا راکوی خو زه دلته د حکومت په سطح باندې یو پیغام رسوم لکه څنګه چې زمونږه وزیر اعلیٰ صاحب په بار بار وائی چې الحمد لله یو خبره یاد ساتئ، که تاسو هر څوک چې دا کار کوی ، څوک چې هم دا کوی، غوړونه دې کهلاؤ کړی او واؤدې وری چې زمونږه جونګړه څوک ورانوې، نو مونږه به بار بار دا خبره کوؤ چې په محل کښې به رانه کښینه ننی، مونږ د سوات خلقو فیصله کړې ده او ان شاءالله د جمعې په ورځ باندې به په نشاط چوک کښې په ستائیس تاریخ دا سواتی قوم به ټول رااوځو او د امن په باره کښې به یو آواز وی چې یره مونږه امن غواړو۔ زه خپل پولیسو ته او د پولیس مشرانو ته، آئی جی

صاحب ته د دې اسمبلئی نه دا ریکویسټ کوم، کوم د دې نه مخکښې میاشت مخکښې چې کوم زمونږه د میادم یو سپاهی شهید شولو، هغوی وائی چې یره کوم کسان چې مونږه اونیولی شو، هغه یو څو ورځې بعد د هغوی هغه قاتلان او نیولی شو، ان شاءالله دا کوم کار چې دوئ کړے دے، دغه هم ډیر دستی د قانون د ګرفت د لاندې راشی خو زه یو ګیله کوم چې کله د نو (9) مئی نه بعد په مونږ باندې تکلیف وو، مونږه به دوئ په هر ځائے کښې معلومولو، زه یو پیرا د شپې یوه نیمه میاشت بعد د پنجاب نه راغلم، اول زه په سندھ کښې وومه او کور ته راغلم، نو بس ما فیصله اوکړله چې بس زه قانون منم، عدالت منم، ما څه ګناه نه ده کړې، عدالت ته ځان Surrender کوم، د شپې یو بجه وه زه کور ته رااورسیدم، ډیر په خفیه طریقه، نیمه ګهنټه زه لا کور کښې ناست نه وومه چې کتل مې موبائلې، موټر سائیکلې، کم از کم چالیس پچاس سپاهیان زمونږه د کور نه ګیر چاپیره تاؤ شو، چې زه بیا بره اوختم او یو بل طرف ته واؤړیدم، بهرحال د هغې ځائے نا ما ځان اویستلو، زما ماشوم وراره هغوی اوچت کړلو او لاړل، زمونږه د کور نه یو پنځه منټه چې لاړل، هلته نور په ساده وردئ کښې خلق ولاړ وو، وئیل ئې چې تاسو ولې هغه ځان سره رانه وستلو؟ هغوی ورته اووئیل چې مونږه په کور کښې اوکتلو او نه وو، او زه خو په رشتیا نه وومه، هغه ورته په سوال جواب کښې وائی چې په کور کښې په یو ګوټ کښې کمره ده، په هغې کښې ناست دے، نو چې تاسو ما دومره په ګوټ کښې د پی ټی آئی کارکنان معلومولے شئی چې زه د ګوټ په کمره کښې ناست یمه، او واقعی زه په هغه کمره کښې ناست وومه، زه د هغې نه لاړمه او اوتښتیدم، نو دا بمونه چې څوک ایږدی، دا دهشت ګرد چې راځی، نو دا په کوم بارډر چې راځی، نو آیا دا زمونږه د صوبائی حکومت اختیار دے که دا د وفاق د وزیر داخله اختیار دے؟ نو زه دلته وزیر داخله ته دا میسج ورکومه چې د سوات خلق ډیر زخمی دی او زخمیان مه چیړه، زخمیان مه چیړه، چې کله هم د افغانستان جنګ وو نو قربانیانئی پښتنو ورکړې دی، زمونږ ستر هزار کسان په پردی جنګ کښې شهیدان شوی دی، زمونږه قصور څه دے؟ او ان شاء الله دا یو خبره یاده ساتئ، مونږه د خپل خیبر پختونخوا، د خپل سوات حفاظت کولے شو ځکه چې مونږه آئین هم منو، مونږه ادارې هم منو، دا درس مونږ له راکړے شوے دے چې تاسو په دې ملک کښې اوسیږئ او خان صاحب راکړے دے، چې تاسو به د قانون نه بره نه ځئی، نو زه داسې هیڅوک نه وینم چې د قانون نه بره لاړ شی، چې قانون منو، آئین منو خو مونږه هغې خلقو ته وایو چې تاسو به خفیه طور باندې Investigation کوئ او چې خپل کار نه پیژنئ نو د بل کار مه کوئ، نو پکار دا ده چې په دې ملک کښې هر سړے خپل کار اوپیژنی، په دې صوبه کښې هر سړے خپل کار او پیژنی، زه سیاستدان یم، پکار ده چې زه سیاست کومه، چې یو سړے بزنس کوی چې هغه بزنس کوی، چې یو سړے د

اداري مشر دے ، هغه دې خپله اداره چلوی، خپله اداره دې مضبوطه کړی، چې کله هم اداره نه وی مضبوطه شوې نو د ملک دا حالات وی چې د بهر نه میلمانه راځی د څومره ملکونو نه او هغه دا حالات وی چې یو څیز ورته ملاؤ شوے وی۔ زه په آخره کښې دا یوه خبره کول غواړم، په تفصیل باندې زمونږه ورور لاړلو هغه په سوات باندې تفصیل سره خبرې اوکړې، زه خپلو پښتنو ته، د خپل سوات خلقو ته یو میسج ورکومه او بیا آئی جی صاحب ته چې آئی جی صاحب! دا ستا ذمه داری ده، دا سپاهیان چې مړه کیږی دا ستا بچی دی، دا زمونږه بچی دی، کوم سړے چې ته خفیه وینی نو پکار دا ده چې هغه اونیسې، تر د هغې پورې ئې بند کړې چې دا ثوک دے او د کوم ځائے نه راغلے دے او دغه شان زه خپل د سوات خلقو ته، خپلو پښتنو ته دامیسج ورکوم چې تاسو هم ثوک ګورئ نو قانون ته ئې په حواله کوئ چې دا ثوک دے او ثوک نه دے ؟ زه شکریه ادا کومه ډیره مننه ، ډیره زیاته شکریه د ټائم راکولو۔ السلام علیکم۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: تھینک یو میڈم سپیکر صاحبہ، بہت مہربانی آپ کی۔ میڈم سپیکر صاحب، منسٹر صاحب نے گلہ کیا ہے کہ ہم پنجاب میں گئے اور کوئی بھی نہیں تھا، نہ آوزار تھے، نہ کچھ اور تھا، تو میڈم سپیکر صاحبہ، میں نے اس دن جب بات کی، تو میں یہ بتا رہی تھی کہ این او سی کے بغیر آپ لوگ جائیں گے تو ادھر آپ لوگوں کیلئے رکاوٹیں ہوں گی، پھر شہباز گل کی طرح گلے اور جس طرح یہ نو(9) مئی کے آپ لوگ رونا رو رہے ہو، ایک مہینے سے چالیس لاکھ روپے اس غریب صوبے کے خرچ کر رہے ہو اور صرف اپنی یہ تقریریں کر رہے ہو کہ مجھے Callآئی ہے، مجھے یہ مسئلہ تھا، مجھے وہ، اپنے قصے ہر بندہ سنا رہا ہے، تو پھر ایسا نہ ہو کہ یہ 21 ستمبر کے قصے پھر اگلے پانچ سال سناتے جائیں، لیکن جب ہائی کورٹ نے آپ لوگوں کو این او سی دے دیا ہے تو پھر تو ہماری حکومت تھی پنجاب میں، پی ایم ایل(این) کی، ہم قانون کو مانتے ہیں، اداروں کے آرڈرز مانتے ہیں، اس لئے کوئی بھی رکاوٹ ادھر نہیں تھی، نہ راستہ بند تھا لیکن میرے خیال سے میری تقریر کی وجہ سے آپ لوگ ادھر پشاور سے تین بجے روانہ ہوئے اور چھ بجے پہنچ گئے، چھ بجے سب کچھ بند تھا، ادھر ہر چیز بند تھی کہ کوئی آپ کے استقبال کیلئے کھڑا ہوتا۔ میڈم سپیکر صاحب، پھر بھی میں منسٹر صاحب سے معذرت خواہ ہوں، نہ تو میں نے عدت کے کیس کی بات کی تھی، جو قدرت اللہ جج کے Arguments ہوئے تھے اس عدالت میں، نہ میں نے اس کی کوئی بات کی تھی، نہ میں نے + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + *، میں نے تو ایسی کوئی بات نہیں کی تھی کہ آپ لوگ خفہ ہو گئے ہو، + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + *اور اس کی Explanation دو قوم کو اور نہ میں نے کوئی اور اس طرح بات کی ہے، میں تو کہہ رہی تھی کہ نہ آپ کا ہیلتھ منسٹر ہے، نہ آپ کا فنانس منسٹر ہے، نہ آپ کا کوئی اور،

* بحکم جناب سپیکر حذف کئے گئے۔

حکومت کس طرح چل رہی ہے؟ یہ تو نو(9) مئی کا وہ جو رونا آپ رو رہے ہیں فونوں کا، تو میں نے آپ کو کہا تھا پھر یہ 21 ستمبر کیلئے آپ لوگ کیا کر رہے ہیں؟ کہ آپ پھر خفا کیونکہ پھر میرے بھائی ہو، میں بچانے نہیں آؤں گی، میں تو Clear آپ کو کہہ رہی تھی، آپ لوگوں پر خفا ہو رہی تھی، آپ لوگ اتنے چار چار دنوں سے چالیس چالیس لاکھ روپے خرچ کر رہے ہو اور یہی کہہ رہے ہو کہ فوج نے ہمارے ساتھ یہ کیا، وہ کیا، فوج نے کرنا ہے، یہ ملک اگر سنبھالا ہے تو فوج نے سنبھالا ہے اور اس Floor سے میں فوج کو سلوٹ کرتی ہوں، آپ سب لوگوں کو میں کہتی ہوں کہ اس فوج کی وجہ سے 1947 سے لے کر یہ فوج جو ہے ہمارے ملک کو سنبھال رہی ہے، زلزلہ جب تھا 2005 میں تو آپ لوگ گئے تھے؟ سارے لوگ جو نکال رہے تھے، وہ فوج جاتی ہے۔ پھر دسمبر 2010 میں جب سیلاب آیا تو ہمارے بچوں کو کس نے بچایا؟ فوج نے بچایا، آپ لوگوں کو Simple بات بتا رہی ہوں، (شور) ایک منٹ، میں نے آپ لوگوں کی بات سنی ہے، آپ میری باتوں کو اطمینان سے سنیں، آپ تسلی رکھیں، میں ایک بات کرتی ہوں کہ آپ سب لوگوں کو فوج سے شکایت ہے تو آپ لوگ پلیز مہربانی کر کے چیف منسٹر کو گزارش کریں کہ ایک نوٹیفکیشن جاری کریں کہ ہمارے صوبے سے فوج کو نکالیں، ہمیں ضرورت ہی نہیں ہے، ایک نوٹیفکیشن تو کر کے دیں ناں کہ ہمیں فوج نہیں چاہیئے، تو بات ہی ختم ہے۔ آپ لوگوں کی حکومت ہے، آپ لوگ پلیز پریکٹیکل آئیں، یہ چالیس لاکھ روپے روزانہ جو ایوان پہ خرچہ آ رہا ہے، کمیٹیاں بنی ہیں Legislation کرو، قانون سازی کرو، کوئی Bill بناؤ، کوئی کام کرو، ترقی کے کام کرو، یہ کیا آپ ڈھول باجا کی باتیں کرتے ہو، یہ کیا آپ لوگ جو ہے، پھر ہنستے مونچھیں مروڑنے کی باتیں کرتے ہو؟ یہ باتیں آپ لوگوں کو زیب نہیں دیتیں۔ میں تو صرف ایک بہن کی طرح آپ لوگوں کو سمجھا رہی ہوں، میں 2013 سے آپ لوگوں کے ساتھ ہوں جب آپ لوگ آئے، تو میں آپ کو یاد دلاتی ہوں کہ آپ بہت جوش و خروش میں تھے کہ تعلیمی ایمرجنسی آئے گی، آپ لوگوں کا ہیلتھ کا منسٹر نہیں ہے، کیوں؟ کیوں آپ لوگوں نے ہیلتھ منسٹر کو ہٹایا؟ آپ لوگوں کے ساتھ لوکل گورنمنٹ کا نہیں ہے، آپ لوگوں کے پاس فنانس کا منسٹر نہیں ہے، سی اینڈ ڈبلیو کا منسٹر نہیں ہے، یار! اس کیلئے بیٹھ جاؤ، اس کیلئے بیٹھ جاؤ۔ (شور) ایڈوائزر ہے، میں منسٹر کا پوچھ رہی ہوں کہ جو POWER ہوتی ہے وہ ایڈوائزر کے پاس نہیں ہوتی، یہ بھی آپ لوگوں کو نہیں پتہ، وہ منسٹر کے پاس ہوتی ہے، بڑے محکموں کا جو آرڈر ہوتا ہے وہ پھر منسٹر کرتا ہے، اس پہ بھی چیختیں، ایڈوائزر اور معاون خصوصی یا کوئی اور، یار اس کیلئے سمجھو۔ چونکہ آپ لوگ تو تقریریں کرتے ہو، تقریروں کو چھوڑو اور Legislation پہ آؤ، اس صوبے کو چلاؤ، گیارہ بارہ سال ہو گئے ہیں۔ مجھے آپ لوگوں پہ افسوس ہے اور آپ اس آرمی کی بات کرتے ہو جس کے کندھوں پہ تم لوگ آئے ہو، میں پھر بھی اس فوج کے فیض حمید کو سلام کرتی ہوں، جب آپ Bill پاس کرتے تھے تو عمران خان کہتا تھا کہ ہمارے لئے Quorum کو پورا کرتا تھا، یہ آپ لوگوں کی کہنے کی بات ہے جو اس نے کہا تھا کہ آپ لوگوں کی تین چار سال حکومت اس فوج نے چلائی ہے، اس کا شکریہ ادا کرو جو وزیر اعظم، وزیر اعظم کہتے ہو، ہیلی کاپٹر جو روزانہ وہ جاتا تھا، وہ فوج کی وجہ سے جو عمران خان کو بنی گالہ لے کر جاتا تھا، پھر میٹنگ کیلئے واپس لے کر آتا تھا، اس پہ سوچو، یہ چھوڑ دو، یہ ایک ہفتہ آپ لوگوں نے ضائع کر دیا

ہے، روزانہ کے چالیس لاکھ روپے آپ لوگوں نے ضائع کر دیئے، اس بات پہ افسوس ہے اور اگر کردار پہ بات کرتے ہو، اگر کردار کی وہ کرتے ہیں تو بیٹھ جاتے ہیں، آپ ہمارے لیڈروں کی کردار کشی کریں اور ہم آپ کے لیڈر کی کردار کشی کریں گے وہ پورے پاکستان کا مقابلہ کر دے گا۔ تو آپ لوگ پلیز، میں پھر بھی آخری دفعہ یہ ریکویسٹ کرتی ہوں کہ یہ ڈرامہ بند کریں، یہ روزانہ فوج کے خلاف نہ کریں، اس کا شکریہ ادا کریں جو ہمارے بارڈروں کو سنبھال رہی ہے، جو چالیس پچاس ہزار تنخواہوں پہ وہ دن رات ادھر ہوتے ہیں اور ہمارے ملک کو سنبھال رہے ہیں، ہماری معیشت کو سنبھال رہے ہیں، ہمیں اور آپ سب لوگوں کو سنبھالا ہے۔ (شور) صبر رکھیں، صبر رکھیں، اطمینان سے میری بات سنیں، میں نے آپ کی باتوں کو اطمینان سے سنا ہے، آپ لوگ ایک Limit تک بولیں، اگر آپ کو بولنا آتا ہے تو ہمیں بھی بولنا آتا ہے، ہم بھی اس ایوان کے ممبر ہیں اور ہم بول رہے ہیں، آرام سے بول رہے ہیں، آپ لوگ آرام سے سنیں پھر جواب دیں۔ میں بالکل نہیں کہوں گی اپنے۔۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> ثوبیہ، Windup کریں پلیز۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد:</u> اپنے اپنے ٹائم پہ اٹھیں گے، وہ کریں گے اور ججوں کی بات جو آپ کر رہے ہو تو جج آپ کے حق میں بولتا ہے، اس کیلئے ہائے ہائے، آپ کو آمین کا وہ درجہ دے دیتے تو پھر ہائے ہائے ہوتا ہے لیکن جو آپ کے خلاف بات کرتا ہے اور قانون کے تحت فیصلے دے دیتا ہے تو آپ اس کی مخالفت میں کودتے ہو، پھر اس طرح اس کے ساتھ لگے رہتے ہو، یہ کون سا انصاف ہے کہ اب آپ ججوں کو بھی ڈرا رہے ہو اور اس پہ کیس بناؤ گے اور اس کو ذلیل کراؤ گے؟ مجھے اس بات پہ افسوس ہے کہ آپ لوگ یہ کر رہے ہو اور اگر آپ لوگوں نے خود آئین کے ساتھ قاسم سوری نے اس طرح نہ کیا ہوتا کہ آرڈر نہیں مانا اور ہم نے کہا، ہم سائفر کو لہرا کر وہ مان رہے تھے تو۔۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی جی، جی ثوبیہ۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد:</u> جی تھینک یو میڈم سپیکر صاحب، میرے بھائیو۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> پلیز Windup کریں۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد:</u> میرے بھائیو! بالکل تسلی رکھو، آپ سب لوگ آئے ہو، آپ لوگوں نے ووٹ لیا ہے اور ادھر آپ لوگ تقریروں کے لئے نہیں آئے ہیں، نہ آپ لوگوں کے ساتھ جو زیادتی ہوئی ہے، اس کیلئے آپ لوگ ادھر آئے ہو یا آپ لوگ جو خفا ہو یا کوئی عذاب میں ہو، تو اس کیلئے نہیں آئے ہو، ادھر اگر آپ لوگ آئے ہو تو چالیس پچاس ہزار ووٹ لے کر اس عوام کی خدمت کیلئے آئے ہو، یہ ایک ایک منٹ بہت قیمتی ہے، یہ Legislation بہت اہمیت رکھتی ہے، آپ لوگ Legislation کریں، آپ لوگ عوام کی آواز بنیں، ادھر ان کے مسئلوں پہ بات کریں، کمیٹیاں بنی ہیں تو کمیٹیوں میں جو ہے بزنس بھجوائیں، ہم ایک ہفتے سے انتظار کر رہے ہیں، آپ لوگ اپنی

وہ تقریریں کنٹینر کے اوپر رات کو اس طرح کریں، وہی جو اس میں آپ لوگوں نے کنٹینر ڈی چوک میں لگایا تھا، تو اسی طرح۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: پلیز، ثوبیہ پلیز Windup کریں۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: اسی طرح ایک کنٹینر لگاؤ اور روزانہ یہ تقریریں ادھر کرو تاکہ ہمارے صوبے کے عوام کا پیسہ تو ضائع نہ ہوناں، چالیس لاکھ روپے Per day اس کے، آپ لوگ دیکھیں اس کا بھی ہم آپ سے حساب کتاب لیں گے، یہ ابھی جو یہ دن ضائع ہو رہے ہیں، ان کا بھی ٹائم آئے گا اور ان کا آپ سے حساب لے لیا جائے گا، یہ جو آپ ادھر سپیچ کر رہے ہو یہ ریکارڈ پر ہے کہ آپ لوگوں کے چالیس لاکھ روپے کا بھی جو ہے۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: پلیز ثوبیہ، پلیز Windup کریں۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: یہ اس طرح ہے کہ ہر چیز کا حساب ہے، جس طرح آپ ججوں کا حساب کرتے ہو تو ان چیزوں کا بھی آپ کے ساتھ حساب ہوگا۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ان شاء اللہ آپ کو جواب ملے گا، ثوبیہ پلیز۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: ہم بالکل دیکھ رہے ہیں، آپ لوگوں بارہ پرسنٹ، بیس پرسنٹ جب حکومت کی بات کرتے ہو تو پھر یہ کہ چیف منسٹر نے بیس کروڑ لئے ہیں، منسٹر نے دس کروڑ لئے ہیں، پھر یہ باتیں آپ لوگوں کی سٹارٹ ہو جاتی ہیں، کام سٹارٹ کرو، کام سٹارٹ کرو۔۔۔۔

<u>Madam. Deputy Speaker:</u> Thank you, Madam; Madam Sobia, thank you so much, thank you

سجاد صاحب، جناب سجاد خان صاحب (شور) پلیز پلیز، جناب سجاد خان صاحب۔ (شور)

<u>جناب محمد سجاد (وزیر زراعت)</u>: شکریہ میڈم۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: فضل حکیم صاحب، پلیز۔

<u>وزیر زراعت</u>: شکريه میډم سپیکر، دا زمونږ خور لور ده، اوس دا خوند نه کوي چې مونږه زنانه ته دغسې جواب ورکړو او زمونږ پښتو، زمونږ روايات، زمونږ رواج، ځنې خبرې خوند نه کوي چې په دغه رنګ او په دې مشرانو، او په دې صوبائی جرګه کښې د هغې جوابونه ورکړو خو بهرحال زمونږ خو زړه غوښتل چې اول عدنان خان ته جواب ورکړو ځکه چې یو هفته مخکښې مونږ ته ئې ډیر غټ غټ پیغورونه راکړې وو او د خوشحال بابا شعرونه ئې راته هم اووئیل چې تاسو ښکاره خبرې نه کوئ، پټې پټې خبرې کوئ او په اشارو کښې ئې کوئ، خو مونږ دا ورته وایو چې داسې څه خبره نشته، دا زمونږ د پاکستان تحریک انصاف چې څومره ملګری دی، ایم پی اے صاحبان او د کابینې والا صاحبان چې کوم دی، هغوی خو ډیر ښکاره خکاره خبرې ورته اوکړلې او زه عدنان خان ته وایم چې ماته د دې خپل بابا والا شعرونه اووایه نو زمونږ والا هم واؤره، خو دے خو

اوس نشته دے چې چرته لاړ دے ؟ احمد صاحب به ان شاءالله هغه خبره ورته اورسوی، نو وائی:

زه خوشحال کمزورے نه یم چې به ډر کړم
په ښکاره نعرې وهم چې خله ئې راکړه

ځکه چې زه د عدنان خان نه دا پښتنه کوم چې دے ما ته وائی چې د منظور پشتون عدالت ته تاسو ټول راشئ، بالکل منظوره ده خو مونږ دا وایو چې عدنان خان لږ د خپلو مشرانو سره هم پښتنه اوکړه چې د پشتون عدالت لا لګیدلے نه دے او تاسو مشرانو د هغې باره کښې یوه بیانیه جاری کړله چې دا ملک بیلوی، نو اوس مونږ د ستاسو دعوت اومنو او که د هغه مشرانو، د ستاسو مشرانو خبره اومنو، چې کومه خبره ټهیک ده؟ میڈم سپیکر، اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہم ان سب کے احساسات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں کہ جتنی بھی ادھر باتیں ہوئی ہیں، اب اگر ہم ماضی میں جائیں تو ماضی میں ہم یہ لازمی پوچھیں گے کہ بھئی! یہ پرائی جنگوں کو لانے والے کون تھے؟ اور پھر ساتھ ساتھ یہ پرائی جنگوں کو Support کرنے والے کون تھے؟ اور ان کو چادر چار دیواری کس نے Provide کی، ان کو چھت کس نے دی؟ ان کے حق میں فتوے کس نے جاری کئے؟ تو پھر ہم اسی کے دہائی والی باتیں لازمی پوچھیں گے کہ اگر آج یہ لوگ ہمیں طعنہ دیتے ہیں تو ہم بھی ان سے یہ سوال کرتے ہیں کہ بابا! یہ پرائی جنگوں کو اسی کی دہائی میں لاکر پچھلے چالیس پینتالیس سال سے ہماری قوم کا استحصال ہو رہا ہے، ایک قسم کی نسل کشی جاری ہے، تو اس کا بھی سوال لازمی ہم عدنان خان اور ان کے قائدین سے کریں گے اور جہاں تک اپوزیشن لیڈر کی بات ہے کہ جب انہوں نے کہا کہ آپ کا سی ایم افغانستان سے کس حیثیت میں بات کرنا چاہتا ہے؟ لیکن ان کو شاید احساس نہیں کہ ہمارے سی ایم علی خان نے ایپکس کمیٹی میں صرف یہ بات نہیں کی تھی کہ میں افغانستان سے بات کرنا چاہتا ہوں، سب سے زیادہ انہوں نے منت ساجت کی کہ بھئی! ہمارے لوگ مر رہے ہیں، ہمارے صوبے میں خون کی ہولی کھیلی جارہی ہے اور پچھلے چالیس پینتالیس سال سے، ابھی میں اقتدار میں ہوں، میں جب ان کو دیکھتا ہوں تو مجھے دکھ ہوتا ہے، درد ہوتا ہے، وہ کہتا ہے ناں کہ:

دل ہی تو ہے نہ سنگ و خشت درد سے بھر نہ آئے کیوں
روئیں گے ہم ہزار بار کوئی ہمیں ستائے کیوں

تو جب بار بار ان کو کہا گیا، سوال، منت زاری کئے، بابا! اٹھو افغانستان سے بات کرلو کیونکہ ہماری حکومت کا، ریاست کا یہ بیانیہ ہے، یہ ساری دہشتگردی افغانستان سے ہو رہی ہے، تو پھر وزیراعلیٰ علی امین خان نے اسی بنیاد پر ان سے بات کی کہ افغانستان سے جاکر بات کرلو، تو ابھی اعتراض کس بات پہ ہے؟ لیکن خواجہ آصف جس طریقے سے بات کر رہا تھا، کبھی اسمبلی کے Floor پہ کھڑا ہو کر، کبھی میڈیا کے سامنے اور جس طریقے سے اس چیز کو اچھال رہا تھا کہ ایسا جس طرح ایک پوری ہم نے صوبائی حکومت ان کے حوالے کر دی یا افغانستان میں چلے گئے، یا ہم نے ریاستی حدود

عبور کر دیں لیکن خواجہ آصف کو یہ احساس تک نہیں کہ اس موضوع پہ بھی بات کر لیں کہ یہ افغانستان سے بات کرتے ہیں یا نہیں کرتے ہیں، وزیر اعلیٰ نے تو منت کی ہے کہ بھئی! بات کرو، آپ کا بیانیہ یہی ہے کہ ساری دہشتگردی افغانستان سے ہو رہی ہے تو پھر افغانستان سے بات کرنے میں کیا ایسا حرج ہے، کیا مسئلہ در پیش ہے آپ کو؟ اور پھر جہاں تک ان کی بات ہوئی کہ آپ کا قائد کہتا ہے کہ میں اسٹیبلشمنٹ کے علاوہ کسی سیاسی قوت سے بات نہیں کروں گا تو بابا! کونسی سیاسی قوت سے ہم بات کریں؟ آپ تو کہتے ہیں کہ ہم بااختیار ہیں، آپ کا قائد سر عام میڈیا پہ ساری قوم کے سامنے کہتا ہے کہ "پشتون بیوقوف عوام ہیں" جتنے بھی پشتون ہیں، یہ بیوقوف ہیں، یہ اس نے سر عام کہا ہوا ہے جناب سپیکر، ایک قائد ہمارے بارے میں ایسا کہتا ہے، وہ اس کی کوئی وجوہات ہوتی ہیں، اگر نون لیگ کے اس قائد نے کوئی بھی بات کی پوری زندگی میں، تو ایک ہی سچ بولا ہے، وہ یہ بولا ہے کہ ہم بیوقوف ہیں، کیوں میڈم، وہ اس لئے کہ اس کے پاس اس بات کے Valid arguments ہیں، ہم ہمیشہ استعمال ہوئے ہیں، پشتون ہمیشہ ہمیشہ استعمال ہوا ہے، خود کش ہم بنے ہیں، دہشتگرد ہم بنے ہیں، غدار ہم بنے ہیں، مجاہد ہم بنے ہیں، طالب ہم بنے ہیں، کوئی ایسی چیز نہیں ہے کہ جب ریاست نے مانگا اور ہم نہیں بنے ہیں، تو اس سے بڑا بیوقوف کون ہو سکتا ہے؟ تو اس نے سچ بات کی کیونکہ اس کے آقا نے یہ جنگ پرائی جنگ لاکر ہم پر مسلط کی اور اس وقت ان کا قائد جو ہے یہ ان کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا۔ میڈم سپیکر، اس وقت سے ہم مر رہے ہیں اور ہمارا کوئی پرسان حال نہیں ہے اور جب ہم کہتے ہیں کہ بات کرو تو اس پہ بھی اعتراض ہے، اس کی بیٹی نے پشتونوں کو سر عام دہشتگرد کہا ہے اور اگر اتنی باتیں ہماری فوج کے خلاف، ہمارے ادارے کے خلاف اور یہ آئی ایس ایف کے خلاف جتنی باتیں نواز شریف نے، مریم نواز نے اور خواجہ آصف نے کی ہیں، اگر پانچ فیصد بھی یہ باتیں ہم کر لیتے، ہمارے صوبے کا کوئی لیڈر کرتا یا تحریک انصاف کا کوئی لیڈر کرتا، تو ابھی تک اس کو پھانسی ہو چکی ہوتی یا پھر وہ تاحیات جیل میں ہوتا یا کم از کم غائب ہو جاتا، لیکن میڈم سپیکر، ان کو شرم و حیا ہی نہیں ہے کہ جس طریقے سے یہ بات کر رہے ہیں اور ہمارے اداروں کو بھی اس کا احساس ہی نہیں ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں جو فوج کو بدنام کرتے ہیں، جو اداروں کو بدنام کرتے ہیں، اپنے مقاصد کیلئے استعمال کرتے ہیں، جس طرح ہم استعمال ہوئے ہیں، اسی طرح فوج اور فوج کے ادارے بھی استعمال ہو گئے ہیں، ان مافیا کے ہاتھوں استعمال ہوئے ہیں اور پھر گلہ کیا کرتے ہیں کہ یہ غدار، یہ فلاں، یہ فلاں، مختلف ناموں سے ہمیں پکارتے ہیں۔ میڈم سپیکر، ہم کبھی بھی ایسی بات نہیں کرنا چاہتے جس کی وجہ سے ہمارے اوپر یہ الزام لگ جائے کہ خدا نخواستہ ہم اس ملک کی ریاست کو چیلنج کر رہے ہیں۔ آپ میڈم سپیکر، اگر دیکھ لیں، جتنی بھی ہماری قوم پرست جماعتیں ہیں، جتنی بھی ہیں، ہماری ہر قوم پرست جماعت نے آزاد پختونستان کی نفی کی ہے، ہر قوم پرست جماعت نے، اور اس صوبے میں جتنی بھی سیاسی تحریکیں ہیں، کسی نے بھی آزاد پختونستان یا آزاد ریاست کی بات نہیں کی اور سب سے زیادہ بات یہ ہماری اسٹیبلشمنٹ کرتی ہے کیونکہ اور کوئی Justification رہ نہیں گیا، ایسا کوئی Justification رہا ہو جس سے ہمیں وہ غدار ٹھہرائے یا ہمیں مجرم ٹھہرائے کیونکہ ہم محب الوطن پاکستانی ہیں، یہ واحد ایک چیز رہ گئی ہے کہ وہ کبھی ہمیں آزاد ریاست کے نام پر، کبھی ریاست سے غداری کے نام پر، کسی نہ کسی بہانے

ہمیں مجرم ٹھہرادیتی ہے۔ میڈم سپیکر، اس کی روک تھام ہونی چاہیئے، میرے جتنے بھی معزز اراکین ہیں، ان سب نے بات کی کہ سیاسی ماحول میں اور سیاسی بات چیت میں ہماری فوج کا کردار ہے لیکن انہوں نے اس چیز کو Highlight نہیں کیا جس کو میں کر رہا ہوں کہ ہمارے صوبے میں جتنے بھی حالات بنے ہیں، ان سب حالات کے ذمہ دار ہمارے ادارے ہیں، اگر یہ اتنے Strong ہوتے تو کبھی ہمارے یہ حالات نہ بنتے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے، ہماری جانوں کو کبھی بھی قیمتی نہیں سمجھا جارہا ہے، ہمیں ہر جگہ پہ مارا جارہا ہے، مختلف ناموں پہ مارا جارہا ہے، جب ضرورت پڑی ہم نے جہاد کیا، جب ضرورت پڑی تو پھر ہم خود کش بھی بنے، ہماری (80) اسی ہزار جانیں چلی گئیں۔ یکم جنوری 2010 کو گاؤں شاہ حسن خیل لکی مروت میں ایک خود کش آتا ہے، گاؤں کے عین وسط میں، والی بال کا میچ ہو رہا ہوتا ہے اور اس میں ایک سو پانچ جانیں چلی گئیں، یہ غریب لوگ تھے، یہ وہ غریب لوگ تھے جو پاکستان پر اپنی جانیں نچھاور کرتے تھے میڈم سپیکر، وہ لوگ لقمہ اجل بن گئے اور یہ سارے کلمہ پڑھنے والے تھے اور سارے پاکستانی تھے اور افسوس کی بات کہ جس نے خود کش کیا، وہ بھی غالباً کلمہ پڑھنے والا تھا اور اسی طرح پھر 16 دسمبر 2014 کو جو ہوا اے پی ایس APS میں، اور اسی طرح باجوڑ میں اور اسی طرح یہ ہر جگہ پہ وہ کہتے ہیں ناں:

ے چمن کښې دهماکې دی باجوړ په وینو سور ده
په وانا کښې دهماکې دی بنو ګل په وینو سور ده

یہ ساری زندگی ہم لاشیں ہی پچھلے چالیس پینتالیس سالوں سے اٹھا رہے ہیں۔ میڈم سپیکر، اس کی کوئی روک تھام ہونی چاہیئے، یہ جب تک ہم اس کو لگام نہیں دیں گے، جب تک ادارے ہم اس بات پہ راضی نہ کریں، اس بات پہ ہم ان کو بٹھا نہ لیں کہ بابا! بس اب ختم ہو گیا، یہ جو فارم سینتالیس والی حکومت ہے، ہمارے قائد حزب اختلاف اور خواجہ آصف جو اپنے آپ کو بڑا تیس مار خان سمجھتے ہیں، تو خواجہ آصف سے میں پوچھتا ہوں، ہمیں طعنہ دیا جارہا ہے کہ بنوں میں پولیس، لکی میں پولیس، وہ دھرنے پہ بیٹھی ہوئی ہے، ہم تو کہتے ہیں کہ اپنے آپ کو کہتے ہیں کہ ہم بڑے زور والے، بڑے طاقت والے اور خود مختار اور اختیار والے وزیر اعظم ہیں، تو میں اس بااختیار وزیر اعظم کو کہتا ہوں کہ لکی پولیس کو جس نے باہر روڈوں پہ بٹھایا ہے، اسی کو کہہ دیں کہ اس کو روڈوں سے اٹھالیں، ہم نہیں ہیں ان کو روڈوں پہ بٹھانے والے، ہم نے بنوں پولیس کو بھی روڈوں پہ نہیں بٹھایا ہے، جس نے بٹھایا ہے وہ اس کو اٹھالے، اگر اس کے پاس اختیار ہے، ہم تو کہتے ہیں کہ بابا! تمہارے پاس کوئی اختیار ہی نہیں ہے، فارم سینتالیس کی جعلی حکومت اور اسی طرح تم چلتے رہو گے اور جب تک وہ چاہے لیکن میڈم سپیکر، ان تمام لوگوں کا، جو فارم سینتالیس والی وفاقی حکومت ہے، ان کا ایک ہی کام ہے کہ کسی طریقے سے ہمیں نیست و نابود کر دے، خواہ ہمارے وہ تحریک انصاف والے ہیں یا حقوق مانگنے والے ہیں۔ میڈم سپیکر، یہاں پر حق مانگنا اپنے آپ کو مصیبت میں ڈالنے کے مترادف ہے، اگر آپ اپنا حق مانگیں گے تو پھر آپ اسلام آباد میں بھی محفوظ نہیں ہیں اور اگر آپ اپنا حق چھوڑ دیں ان کیلئے اور آپ اپنا حق نہیں مانگیں گے تو پھر آپ وزیرستان میں بھی محفوظ ہیں، بلوچستان میں بھی محفوظ ہیں۔

میڈم سپیکر، اگر آپ نے زندگی جینی ہے تو پھر آپ نے اسٹیبلشمنٹ کی مرضی کا سیاسی لباس پہننا ہے، اگر آپ اسٹیبلشمنٹ کی مرضی کا سیاسی لباس نہیں پہنیں گے تو آپ اسلام آباد، راولپنڈی اور لاہور میں بھی محفوظ نہیں ہیں، آپ جو ہیں ناں پھر وزیرستان میں بھی محفوظ نہیں ہیں، تو یہ سارا سسٹم جو چل رہا ہے، یہ سارا سسٹم Hijack ہے۔ میڈم سپیکر، اب اس سسٹم کو ہم نے ٹھیک کرنا ہے، یہ کیا بات ہوئی کہ ہمیں کہا جا رہا ہے کہ آپ لوگ فوج کے خلاف کیوں؟ بابا! ہم فوج کے خلاف نہیں بول رہے ہیں، نہ ہم اداروں کے خلاف بول رہے ہیں، ہم شخصیت کے خلاف بات کر رہے ہیں، ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم سب سے پہلے اور سب سے زیادہ پاکستان تحریک انصاف فوج کو Support کرتی ہے، ہر فوجی کو Support کرتی ہے اور ہر اس فوجی کو Support کرتی ہے جو بارڈر پہ اپنی جانیں دیتے ہیں، جو دہشت گردی کے خلاف Frontline پہ لڑ رہے ہیں (تالیاں) لیکن ہم ہمیشہ اس چیز کی نفی کریں گے جو آئین میں اور جو قانون میں لکھا ہے، اس سے جو بھی دائیں بائیں جائے گا، ہم ٹھیک ٹھاک اس کے خلاف آواز بھی اٹھائیں گے، نام بھی لیں گے اور بتائیں گے بھی، یہ ہماری ذمہ داری ہے، یہ ہماری اخلاقی ذمہ داری ہے، اس سے ہم نے کبھی روگردانی نہیں کرنی۔ یہ بہت بڑا جرگہ جو ہو رہا ہے یہاں پہ، یہ جو اسمبلی بیٹھی ہوئی ہے میڈم سپیکر، یہ اس لئے نہیں بیٹھی کہ ادھر ہم نے صرف بیٹھنا ہے اور ادھر اجلاس کر کے پھر چلے جانا ہے، ہم نے جو اپنی قوم کی ترجمانی کرنی ہے، ہمارے عوام کیا سوچ رہے ہیں، ہمارے عوام ہم سے یہ مطالبہ کر رہی ہے کہ ہماری ترجمانی کی جائے، ترجمانی یہ کہ حقیقی معنوں میں جمہوریت کی بحالی اور ہمیں یہ طعنے دیئے جا رہے ہیں اور اچھا ہوا کہ میڈم ثوبیہ نے اپنے اس کی نفی کر دی حالانکہ یہ بات نہیں ہوئی تھی، خواجہ آصف کی باتیں ریکارڈ پہ ہیں، رانا ثناء اللہ کی باتیں ریکارڈ پہ ہیں، یہ سب پنجاب کے لیڈرز ہیں، سب کی باتیں ریکارڈ پہ ہیں کہ انہوں نے کہا تھا کہ تم اٹک پار آ کر دکھاؤ تو ہم تمہیں مان لیں گے، یہ کیا بات ہوئی، بھئی! ہم پاکستانی شہری ہیں، میں اٹک پار جاؤں یا ادھر آ جاؤں یا لاہور جاؤں یا سیالکوٹ جاؤں، جدھر بھی جاؤں میں جاؤں گا، میں نے جدھر بھی سیاسی قوت دکھانی ہے، میں جاؤں گا، دکھاؤں گا اور پھر این او سی والی تو بات ہی نہیں ہوئی تھی لیکن میڈم سپیکر، یہ ان کا قصور نہیں ہے، یہ ایک Mind set بنا ہوا ہے کہ جب ہم پختونخوا سے جاتے ہیں تو پھر ہمیں ہمیشہ یہی کہا جاتا ہے اور ہمیں دوسرے اس لئے کہتے ہیں کہ ایک ریاست دو دستور، یہ والی بات مزید نہیں چلے گی کہ ہمیں جو ہیں ناں پاکستانی شہری منوانے کیلئے ہمیں سرٹیفکیٹ لینا ہوتا ہے کہ ہم پاکستان کے وفادار ہیں لیکن ایسی وفاداری کب ثابت ہوگی؟ ہم مر مر کر، مر مر کر ابھی تک اپنی وفاداری ثابت نہیں کر سکے۔ میڈم سپیکر، یہ پورا ڈیورنڈ لائن ہم نے سنبھالا ہوا ہے، پشتونوں نے سنبھالا ہوا ہے اور یہ چترال سے لے کر یہ ادھر تک جائیں، اگر ہم حق کی بات کریں تو ہماری اوپر سزائیں کون مسلط کرتے ہیں؟ ہمارے سارے تجارتی راستے بند، ہمارا طورخم بند، غلام خان بند، ہمارا انگور اڈہ بند، چمن بند، ناواپاس بند، ہمیں کوئی تجارت کرنے بھی نہیں دیتا لیکن وہ ہندوستان جو ہمارے پیچھے ازل سے لگا ہوا ہے، جو ہمیں جینے نہیں دیتا، ہماری سالمیت اور ہماری ریاست کو مانتا ہی نہیں ہے اور ان کے ساتھ وہ راستہ کھلا ہوا ہے، حالانکہ ہر شام کو Ceremony ہوتی ہے، گیٹ بند کر دیتے ہیں لیکن تجارت پھر بھی چل رہی ہوتی ہے اور فواد چودھری نے ٹھیک بیان دیا تھا، انہوں نے کہا تھا

کہ ہمارا یہ پنجاب اور وہ پنجاب ایک ہی ہیں، تو ہم کہتے ہیں کہ اگر کسی نے سچ بات کی ہو تو اس کو ماننا چاہیئے، ہم جو یہ ادھر بیٹھے ہوئے ہیں، یہ سارے پشتون جو ادھر بیٹھے ہوئے ہیں۔ میڈم سپیکر، یہ سب کو آواز اٹھانا ہو گی اور ان سب کو پتہ ہونا چاہیئے، ان کے دل میں یہ بات بیٹھ جانی چاہیئے کہ پشتونوں نے جب شاہ شجاع افغان کو نہیں بخشا غداری پہ، تو پھر یہ ہمیں بھی یہ عوام نہیں بخشیں گے۔ ہمارا دین اور ایمان ہے کہ ہم نے اپنی روایات کو اور اپنی زبان کو ٹھیک ٹھاک آگے لے کر جانا ہے، اگر ہم نہیں لے کر جائیں گے تو قوم ہمیں نہیں چھوڑے گی۔ میڈم سپیکر، ہمارے کچھ ایسے مسائل ہیں، آپ دیکھیں کہ اتنی باتیں ہم نے کی ہیں، اتنی زیادہ، اب جن کے بارے میں یہ بات ہو رہی ہے، مجھے نہیں پتہ کہ وہ سن رہے ہیں کہ سن بھی نہیں رہے ہیں؟ اگر سن رہے ہیں تو ان سنی کر رہے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ:

پتاپتابوٹابوٹا حال ہمارا جانے ہے

جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے

پوری دنیا کو پتہ ہے کہ پاکستان میں کیا ہو رہا ہے؟ اور یہ کس کی حاکمیت چل رہی ہے؟ کس کا قانون چل رہا ہے؟ کس کا ڈنڈا چل رہا ہے؟ یہ بیچ میں نون لیگ والے، یہ ویسے ہی، ابھی نثار باز خان بیٹھا نہیں ہے، اچھا نہیں لگتا لیکن میں اس کو یاد دلاؤں کہ پچھلے دنوں انہوں نے تقریر کی اور ہمیں کہا کہ ایک قسم کا اس نے ہم پہ طنز کیا اور کہہ رہا تھا کہ بابا! ہم نے تو جو امنڈمنٹس ہو رہی ہیں اس میں ساتھ نہیں دیا ہے، احمد کنڈی صاحب ادھر بیٹھے ہوئے ہیں، میں صرف ان کو یاد دلاؤں کہ نثار باز خان، آپ ہماری جان ہیں، ہمارے جگر ہیں لیکن حقیقت بدل نہیں سکتی، آپ اپنے قائد کی وہ تقریر سن لیں جب زرداری صاحب نے کہا کہ ہم امنڈمنٹس کا ساتھ دیں گے، تو پھر انہوں نے بھی بیان دیا کہ ہم دیں گے، جب پیپلز پارٹی نے Reverse لگایا، تو پھر انہوں نے بھی Reverse لگایا، ہمیں یہ نہ بتائیں کہ آپ اپنے اختیار میں ہیں، آپ اپنے اختیار میں نہیں ہیں، آپ جب اختیار میں ہوں گے تو ہمیں پتہ چل جائے گا، پوری دنیا کو پتہ چل جائے گا کہ اختیار میں کون ہے اور کون نہیں ہے؟ میڈم سپیکر، ہمارا جو Main مسئلہ تھا، ابھی آپ یقین کریں کہ ہمارے کرک میں جو آئین کے مطابق پانچ کلو میٹر Radius میں آپ نے گیس Provide کرنا ہوتی ہے، جتنے بھی Inhabitants ہوتے ہیں اور ادھر آج تک کوئی پندرہ بیس سال ہو گئے ہیں کہ انہوں نے گیس Provide نہیں کی، چھ دن سے ادھر دھرنا جاری ہے اور ہم نے وفاقی حکومت سے بارہا اس کے بارے میں بات کی لیکن مجال ہے کہ نہ ان کا کوئی بندہ آتا ہے، نہ ان کا کوئی نمائندہ آتا ہے، نہ ان کا کوئی والی وارث ہے، نہ کوئی پوچھنے والا ہے، جب ہم بات کرتے ہیں تو کہتے ہیں یہ تو پاکستان تحریک انصاف کی حکومت ہے، بھئی! ہے ہماری حکومت، لیکن ہماری حکومت صوبائی ہے، ادھر تو وفاقی حکومت کی وہ Writ چلتی ہے۔ تو میڈم سپیکر، یہ ہمارا حال ہے، ہم سے کوئی پوچھتا تک نہیں ہے، ایسا نہ ہو کہ ہمارے حالات اس نہج پہ چلے جائیں کہ پھر ہمیں کنٹرول کرنے والا کوئی نہیں ہو گا، یہ ہم دھمکی نہیں دے رہے ہیں، یہ ہم عوام کا مزاج بتا رہے ہیں کہ عوام نے ایسے اٹھنا ہے پھر کہ ان کو سنبھالنے والا کوئی نہیں ہو گا، ہمیں ہمیشہ جتنے بھی پختونخوا کے عوام ہیں، اپنے اخلاص نے مارا ہے، ہمارا اخلاص ہے اس ملک کے ساتھ، ہم ریاست کیلئے جان نچھاور کرنے والے ہیں لیکن ایسا لگ رہا ہے کہ حالات اس نہج پہ پہنچ جائیں گے کہ ہم آگ کی طرح ایسے ہی

جل جائیں گے کہ پھر ہم نہ ریاست کے کام آئیں گے، نہ ریاست ہمارے کام آئے گی کیونکہ اس نہج پہ لانے والے کون ہیں کہ ہمیں اپنے حقوق سے جو ہیں ناں وہ کر لیں۔ اب جب میڈم سپیکر، ایک دارالخلافہ سے طاہر داوڑ کی لاش جاتی ہے آگے میر علی میں اور پھر کچھ عرصے کے بعد ایک اور لاش گیلہ من وزیر کی جاتی ہے، اسی علاقے میں لوگ کیا سوچیں گے ہمارے بارے میں، اور ریاست کے بارے میں وہ لوگ کیا سوچیں گے؟ تو پھر تو وہ یہ شعر لازمی پڑھیں گے:

ے د پشتنو په قتل عام خاموش ملک او ملا
د پشتنو په قتل عام خاموش ملک او ملا
له تاسو د ومره گیله من یمه چې حد نه لري

(تالیاں)

میڈم سپیکر، پھر لوگ بد دعائیں دیں گے، کیسے بد دعائیں دیں گے، ان لوگوں کے اشعار پڑھیں گے جو ان لوگوں کی لاشیں ہم نے ادھر بھجوائی ہیں، ہمیں معاف کرنے والا کوئی نہیں ہوگا اور ایسی بد دعائیں لگتی ہیں:

ے د چا په کور کښې چې چغار وی د یتیم د ژړا
د چا په کور کښې چې چغار وی د یتیم د ژړا
د کوم کوم نسل به په زړه باندې اختر اولگی

میڈم، یہ حقیقت ہے۔

ے زما سینه کښې د خنجر په ډوبیدو خوشحال وو
رب ته مې سوال دے چې په تاسو دا خنجر اولگی
د ظلم خوندبه در معلوم شی چې ظالمه کله
چې ستا بچے چرته په لاس د زور آور اولگی
رب ته مې سوال دے چې په تاسو دا خنجر اولگی
د ظلم خوند به در معلوم شی چې ظالمه کله
چې ستا بچے چرته په لاس د زور آور اولگی

(تالیاں)

میڈم سپیکر، یہ باتیں لوگوں کے دل میں اور یہ اشعار لوگوں کے دل میں تیر کئے جا رہے ہیں اور ہمارے وزیر اعلیٰ علی خان نے ان کے بقول جو ہمیں بار بار نثار باز اور عدنان یہ لوگ دعوت دیتے ہیں، پشتون عدالت کی بات بتا رہے ہیں، ہمارے وزیر اعلیٰ سردار علی خان نے پہلے ہی سے انتباہ کیا ہے، Openدعوت دی ہے کہ آئیں ہمارے ساتھ بات کریں، جو مسئلے ہم حل کر سکیں گے، ہم ادھر ہی ہم اس کا آرڈر صادر کریں گے، ہم نے کبھی ایسی باتوں پہ، قوم کے حقوق پہ، یہ وزیر اعلیٰ اس لئے نہیں بنا کہ اقتدار پہ بیٹھا رہے اور تماشہ دیکھتا رہے کہ لوگوں کا قتل عام ہو اور یہ خاموش بیٹھے رہیں، کیوں؟ کیونکہ ہمارے قائد کا Vision ہے کہ ہم سب اس لئے ادھر آئے ہوئے ہیں کہ ہم

اپنے ملک کی، اپنی قوم کی صحیح معنوں میں ایک ترجمانی بھی کریں اور خدمت بھی کریں، آئین اور قانون کے دائرے کے اندر۔ میڈم سپیکر، بہت ساری باتیں ہیں لیکن آپ لوگ کہتے ہیں، آخر میں ایک شعر پڑھتا ہوں، اسی پہ میں اختتام کرتا ہوں اور اس کو دھمکی بھی نہ سمجھا جائے، اس کو دل میں بٹھا لیا جائے کہ حالات یہاں پہنچیں گے، تو ہم نے کرنا کیا ہے؟

ے تہ دې خپل زور او غرور دواړه سر ته اورسوا
که مې د ړپه سر نه کړل بیا پښتون به نه یم

(تالیاں)

(اذان مغرب)

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر:</u> فوج ہمارا اثاثہ ہے، چند افراد اپنے عزائم سیاسی مقصد کیلئے استعمال کر رہے ہیں، ہم غیر سیاسی فوج کو سلام پیش کرتے ہیں۔ مسٹر احسان اللہ خان صاحب، صرف دو منٹ. Only two minutes please. مسٹر احسان اللہ خان صاحب۔

<u>جناب احسان اللہ خان:</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ میڈم، آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا۔ میں اپنی بات کو مختصر کروں گا، پچھلے ہفتہ میں اجلاس میں مصروفیت کی وجہ سے نہیں آ سکا اور مجھے لگا شاید بہت ایجنڈا ہو گا اجلاس کا یا میں نے کچھ بڑا Miss کر لیا ہے، تو میں انتظار کر رہا تھا کہ کل میرے سوالات آئیں گے، کل کوئی ہم نے جو توجہ دلاؤ نوٹسز جمع کرائے ہوئے ہیں، کل آئیں گے لیکن بد قسمتی سے وہ دن گزرتے گئے اور آج تو مجھے قوی امید تھی کہ کوئی ایجنڈا جاری ہو گا عوام کے مفاد کا، لیکن بد قسمتی سے آج بھی وہی رونا دھونا اور وہی ایک جو ہے ناں ایک راگ الاپی جاری ہے جو ہم پچھلے دو ہفتوں سے سن رہے ہیں۔ تو میڈم سپیکر، میں جب نیا نیا آیا اور میں نے یہاں پہ اسمبلی میں ماحول دیکھا تو میں نے ایک اپنی لکھی ہوئی نظم پڑھی جس کا ایک شعر میں آج دوبارہ سناؤں گا کہ:

ے ایوان میں بیٹھے اے لوگو یہ بھول نہ جانا ہم بھی ہیں

یہ ہم سے لوگ کہہ رہے ہیں۔

ے ایوان میں بیٹھے اے لوگو یہ بھول نہ جانا ہم بھی ہیں
آپس کے ان جھگڑوں میں کہیں روند نہ دینا ہم بھی ہیں
ے اقتدار کی ہوس مٹاؤ تم ہمیں اس سے کوئی غرض نہیں
پر روٹی کی تلاش میں بھوکے بیٹھے ہم بھی ہیں
ے انا کے بت بنانے میں حاصل تسکین کی تم کو مگر
صرف مٹی کے پتلے نہیں دل رکھنے والے ہم بھی ہیں

(تالیاں)

میڈم سپیکر، یہ چند ایک اشعار تھے، لوگ ہم سے یہ توقع کرتے ہیں کہ جب ہم یہاں پہ آئیں گے، تو ان کے مفاد کی بات کریں گے، ان کی جو تکالیف ہیں، ان کو بیان کریں گے لیکن بد قسمتی سے یہاں پہ جو ان کے آپس کے جھگڑے ہیں یا جو اقتدار کی ہوس ہے، میں اس کو کہوں گا کہ یہ ساری جنگ اقتدار کی ہے کہ آپ ان کا Favoritism چھوڑیں، ہم آپ کے Favorite بن جائیں تو بس پھر اللہ اللہ خیر صلہ، پھر سب ٹھیک ہو جائے گا۔ اس حد تک تو ہم ان کے ساتھ ہیں کہ ہر ادارے کو اپنی اپنی حدود میں کام کرنا چاہیئے اور یہ ہر پاکستانی کا موقف ہے، ہمارا قانون بھی یہی کہتا ہے کل ان شاء اللہ ہمارے پارلیمانی لیڈر جناب احمد کنڈی صاحب بھی ہماری پارٹی کی طرف سے مؤقف یہاں پہ پیش کریں گے لیکن میڈم سپیکر، پچھلے ایک دو ہفتوں سے نہ یہاں پہ عوامی مفاد کی کوئی بات کی گئی ہے، حالانکہ جس قدر Delivery کا فقدان ہے اس صوبے میں، یقین جانیں پچھلے ہفتے ایک ایمر جنسی کیس تھا، میں ڈی آئی خان ٹراما سنٹر گیا، ہمارے وزیر اعلیٰ علی امین خان کے گھر کے بالکل سامنے جو واقع ہے اور اس ٹراما سنٹر میں میڈم سپیکر، آپ کی توجہ چاہوں گا، یہ بہت ایک اہم مسئلہ ہے، اس ٹراما سنٹر میں ایک دن میں جو Patients آئے، ان کی تعداد 1132 تھی اور جو اس دن جو Admissions تھے وہ تھے 329 اور وہاں پہ Total beds کتنے ہیں؟ چالیس Beds ہیں، ایک ٹراما سنٹر جو صرف ڈی آئی خان اتنا بڑا ضلع ہے جس کی پانچ تحصیلیں ہیں بلکہ ٹانک بھی اور Periphery اور سارے لوگ وانا تک یہاں آتے ہیں، اس ٹراما سنٹر میں آتے ہیں، وہاں پر Total capacity کتنی ہے؟ چالیس Beds، اگر ہم باقی مریضوں کو چھوڑ دیں اور 329 مریضوں کو صرف ہم Count کریں اور Beds چالیس ہوں اور یقین جانیں میں نے وہاں پہ ویڈیوز بھی بنوائی ہیں، دو مریض پاؤں کی سائڈ پہ بیٹھے ہوئے تھے، 'سریس' مریض جو تھے اور دو دو وہ سر کی سائڈ پہ Bed کے اوپر بیٹھے ہوئے تھے، ان کے لیٹنے کی جگہ نہیں تھی، تو وہ حکومت جو تعلیمی ایمر جنسی کے نعرے لگاتی رہی ہے، تیرہ سال سے آپ لوگوں کی حکومت ہے اس صوبے میں، تقریباً تیرہ سال ہونے والے ہیں، تعلیمی ایمر جنسی کے آپ لوگوں نے نعرے لگائے، ہیلتھ میں انقلاب لانے کے آپ لوگوں نے نعرے لگائے لیکن بد قسمتی سے آج ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب ہیں جو اتنے بڑے بڑے بلند و بانگ دعوے کرتے ہیں، یہ ان کے گھر کے سامنے واقع ہے، سامنے بالکل واقع ہے ٹراما سنٹر، اور وہاں پہ 329 مریضوں کیلئے دن کا، صرف دن کا Admission وہاں پہ صرف چالیس Beds ہیں۔ بس میڈم، یہ صرف آخری بات کیونکہ ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب یہاں پہ نہیں، جس طرح سجاد صاحب کہہ رہے تھے کہ ہم جن کیلئے باتیں کر رہے ہیں وہ تو شاید پتہ نہیں ہماری سن رہے کہ نہیں سن رہے؟ ہم بھی اس طرح بولتے رہتے ہیں، مجھے نہیں لگتا کہ حکومت کے کان پہ کوئی جوں تک رینگتی ہے، سکولوں کی حالت دیکھ لیں میڈم، میرے حلقے میں اس وقت تقریباً سکولوں میں سے ٹیچرز غائب ہیں، نہیں ہیں وہاں پہ ٹیچرز، جو Out of school children ہیں، اگر آپ Statistics دیکھ لیں وہ بڑھ چکے ہیں، Out of school children ہمارے ڈی آئی خان میں جو ابھی نئے سکول بنانے جا رہی ہے آپ کی حکومت، جو Rented building میں سکول بننے ہیں، وہ سارے کے سارے ایک ایسے حلقے میں بنائے جا رہے جہاں Already تعلیم کی شرح بہت زیادہ ہے، تو تعلیم پہ اور صحت پہ، ان چیزوں پہ اگر آپ سیاست

کریں گے تو آپ ادھر جس چیز کے انقلاب کے نعرے لگاتے ہیں، اگر یہ حال ہو گا اور سی ایم صاحب کا اپنا ضلع اور آپ پورے پاکستان کو ٹھیک کرنے چلے ہیں اور پورے پاکستان کے اداروں کو ٹھیک کرنے چلے ہیں، تو یہ بد قسمتی ہمارے پورے صوبے کی نہیں، پورے ہمارے عوام کی ہے کیونکہ اب گورنمنٹ پی ٹی آئی کی ہے لیکن یہاں پہ اس نے پورے ہمارے پورے صوبے کو دیکھنا ہے، ادھر اور بھی پارٹیز کے لوگ رہ رہے ہیں۔ تو میڈم، میں یہ حکومت سے دست بدستہ ریکویسٹ کروں گا کہ دیکھیں، یہ باتیں اچھی ہیں، ہم بھی اس حد تک آپ کے ساتھ ہیں کہ ہر ادارے کو اپنی اپنی حدود میں رہ کر کام کرنا چاہیئے، ہمارا قانون بھی یہی کہتا ہے لیکن یہ فورم اس لئے نہیں ہے، یہاں ہم عوام کی فلاح کی بات کریں، آپ اپنی Delivery بیان کریں، ہم نے اتنے سوالات کا اتنا ڈھیر لگا یا ہوا ہے، روز جواب کے انتظار میں ہوتا ہوں کہ آج مجھے جوابات آئیں گے، ایجنڈا ہی نہیں ہے، عوامی مفاد کا جو ایجنڈا ہے، وہی اسمبلی میں نہیں آ رہا ہے۔ تو خدارا ایجنڈا لے کر آئیں، صحیح ایجنڈا جو عوامی مفاد کا ہو، اس کو ترک کریں کیونکہ مجھے تو ایسے لگتا ہے کہ ہم خدا نخواستہ کسی آزادی کی جنگ کی طرف جا رہے ہیں جو ہمارے اس ملک میں آپ کی جماعت نے ماحول بنا دیا ہے۔ بد قسمتی سے اس میں کچھ اور لوگ بھی شامل ہیں، کوئی کہتا ہے اٹک پل نہ ہو، کوئی یہ کہتے ہیں KPK نہ ہو، مجھے بحیثیت پاکستانی ابھی کسی جماعت کے نمائندہ ہونے کے ناطے نہیں بلکہ بحیثیت پاکستانی مجھے تو خوف آتا ہے کہ یہ کہیں ہم آزادی کی تحریک تو نہیں شروع کرنے لگے، جس قسم کا رویہ ہے۔ تو خدا نخواستہ، خدا نخواستہ اس قسم کا ماحول بنے، تو آپ اپنی Delivery پہ توجہ دیں، عوام ویسے ہی آپ کے ساتھ ہو جائیں گے، آپ کو کسی کو اس طرح سے یہاں پہ Forced کرنے کی یا اسمبلی میں کسی کو گالیاں نکالنے کی ضرورت نہیں ہو گی، آپ اپنی Delivery سے وہ کہتے ہیں Action speaks louder than words، آپ اپنی Delivery کو اس قدر بہتر بنائیں کہ سارے کے سارے عوام آپکے ہر مؤقف کے پیچھے کھڑے ہوں۔ تو میڈم سپیکر، میری چند ایک گزارشات تھیں اور خدارا سی ایم صاحب تو آتے نہیں ہیں، ہم نے تو انکو کبھی یہاں پہ دیکھا نہیں ہے، تو ان تک میرا یہ پیغام ضرور پہنچا دیں کہ آپکے اپنے ضلع میں ٹراما سنٹر میں لوگ مر رہے ہیں، وہاں پہ صرف چالیس Beds ہیں، اسکی Capacity کو Enhance کریں اور وہاں پہ جو Daily کا جو Admissions ہیں وہ تقریباً چار سو کے قریب ہیں، تو میرا پیغام آپ نے ضرور ان تک پہنچانا ہے، وہ وہاں پہ بھرتیوں میں مصروف ہیں کلاس فور کی اور ہمارے جو سننے میں آ رہا ہے کہ سارے کے سارے پیسے لے کر اور جو ہے ناں جو کچھ ہو رہا ہے، کئی Percentages لی جا رہی ہیں، تو ان تک میرا پیغام ضرور پہنچائیں، لوگوں نے ان کو بڑی عزت دی ہے، ان کو بڑا احترام دیا ہے اور ان سے Expect کرتے ہیں۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر:</u> تھینک یو احسان اللہ صاحب، تھینک یو۔ ان شاء اللہ ڈیٹیل میں کل آپ ڈسکس کریں، آپ کو کل موقع دیا جائے گا۔

<u>Madam Deputy Speaker.</u>: Thank you. The sitting is adjourned till 2:00 pm, Tuesday, 24th September, 2024.

---

(اجلاس بروز منگل مورخہ 24 ستمبر 2024ء بعد از دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)